تازہ ترین خبروں کیلئے وزٹ کریں www.dailyhimmat.com.pk

اللہ ہی ہے جو عقل شعور اور ہمت عطا کرتا ہے (حدیث)

ABC CERTIFIED

کوئٹہ، مستونگ، گوادر، راولپنڈی، اسلام آباد اور چکوال سے شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت روزنامہ

فون نمبر: 2834643
فیکس نمبر: 2827323

DAILY HIMMAT QUETTA

بانی زمرد حسین (مرحوم)

روزنامہ ہمت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: نادر حسین زمرد

جلد نمبر 26 | جمعرات 19 نومبر 2026ء | 08 جمادی الثانی 1448ھ | قیمت 7 روپے | شمارہ نمبر 35

آزاد کشمیر کی ترقی کیلئے وفاق تمام وسائل فراہم کریگا، وزیراعظم

مضبوط پاکستان ہی کشمیریوں کی آزادی کا ضامن ہے اور پوری دنیا میں پاکستان کو مضبوط دیکھ کر خوشی ہوتی ہے، وزیراعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی کا اجلاس سے خطاب، شہباز شریف کا ترقیاتی عمل تیز کرنے کیلئے اقدامات کا اعلان

ہم نے اپنے دور میں آئی ایم ایف کو خدا حافظ کہہ دیا تھا، گزشتہ حکومت آئی ایم ایف کو واپس لائی، آزاد کشمیر کا ماضی بڑا دردناک ہے، یہاں ایسی حکومتیں آئیں جنہوں نے عوام سے بے حسی والا سلوک کیا، نواز شریف

مظفرآباد (آن لائن) آزاد کشمیر میں ترقیاتی عمل تیز کرنے، عوامی مسائل کے حل اور خطے کو معاشی و سیاحتی ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے وفاقی اور آزاد کشمیر حکومت نے بڑے اقدامات کا اعلان کر دیا ہے، وزیراعظم شہباز شریف نے آزاد کشمیر کے سو روزہ ترقیاتی منصوبے کے لیے تمام ضروری وسائل فراہم کرنے کی یقین دہانی کراتے ہوئے منصوبوں پر عملدرآمد کا عزم ظاہر کیا، جبکہ مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف نے خطے میں موٹروے سمیت

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان کا فتح 3 سپرسونک کروز میزائل کا کامیاب تجربہ، دفاعی صلاحیتوں میں اہم پیش رفت

میزائل سے پاک فوج کی راکٹ فورس کمانڈ کی آپریشنل لچک اور حملے کی رسائی میں نمایاں اضافہ ہوگا، صدر مملکت، وزیراعظم اور عسکری قیادت کی مبارکباد

فتح-3 کا کامیاب تجربہ پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں میں مسلسل پیش رفت اور قومی دفاع کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا مظہر ہے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (آن لائن) پاکستان نے قومی دفاعی صلاحیتوں میں ایک اور اہم سنگ میل عبور کرتے ہوئے فتح-3 سپرسونک کروز میزائل کا کامیاب تجربہ کرلیا۔ جدید ٹیکنالوجی سے لیس یہ میزائل طویل فاصلے پر موجود اہداف کو سپرسونک رفتار سے انتہائی درستگی اور مہلک صلاحیت کے ساتھ نشانہ بنانے کی استعداد رکھتا ہے۔ کامیاب تجربے کو پاکستان کی مجموعی روایتی دفاعی صلاحیت اور دفاعی پوزیشن مزید

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں



مظفرآباد، وزیراعظم شہباز شریف سربراہ (ن) لیگ نواز شریف وزیراعظم آزاد کشمیر رٹھوعہ پل کا افتتاح کررہے ہیں

فتح تھری سپرسونک کروز میزائل کے کامیاب تجربہ اہم سنگ میل ہے، وزیراعلیٰ

سائنسدانوں، انجینئرز اور عسکری ماہرین کی محنت اور لگن ملک کے محفوظ مستقبل کی ضمانت ہے

کوئٹہ، (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پاکستان آرمی کی جانب سے فتح تھری سپرسونک کروز میزائل کے کامیاب تجربے کو ملکی دفاعی

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پٹرول 133، ڈیزل 162 روپے فی لیٹر سستا کرکے عوام کو بڑا ریلیف دیا، اسحاق ڈار

اسلام آباد (صباح نیوز) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ حکومت نے پٹرول

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

قرضوں کی فراہمی کیلئے ٹیکنالوجی پر مبنی جدید مالیاتی حل اپنانے کی ضرورت ہے، وزیر خزانہ

مجموعی برآمدات کا تقریباً 20 فیصد اور غیر زرعی شعبے میں روزگار کے 78 فیصد مواقع ایس ایم ایز سے وابستہ ہیں، سینیٹر اورنگزیب کا خطاب

حکومت ان کاروباروں کو مالی سہولیات تک رسائی دینے، ڈیجیٹل مالیاتی شمولیت کو وسعت دینے اور نجی سرمایہ کاری متحرک کرنے کے لیے اقدامات کررہی ہے

سنگاپور (این این آئی) وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت نے جون 2028 تک چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں (ایس ایم ایز) کے لیے مالی معاونت کا حجم بڑھا کر 2 ہزار ارب روپے کرنے کا ہدف مقرر کیا ہے، ایس ایم ایز

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان کو 5 ارب 90 کروڑ ڈالر کے غیر ملکی قرضے موصول

بیرونی قرضوں کی وصولی میں 2 ارب 88 کروڑ ڈالر کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) رواں مالی سال کے پہلے چار ماہ کے دوران پاکستان کو 5 ارب 90 کروڑ ڈالر کے غیر ملکی قرضے اور گرانٹس موصول ہوئے،

بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان سمیت دنیا بھر میں بچوں کے استحصال کی روک تھام کا عالمی دن منگل کو منایا گیا

جہانیاں (آن لائن) پاکستان سمیت دنیا بھر میں بچوں کے استحصال کی روک تھام کا عالمی دن منگل

بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو 2026ء میں اسٹال کا معائنہ کررہے ہیں

سرمایہ کاروں کو سازگار ماحول اور تحفظ فراہم کرینگے، وزیراعلیٰ بلوچستان

بلوچستان پاکستان کے رقبے کا تقریباً 47 فیصد حصہ رکھتا ہے، صوبے کو بنیادی ڈھانچے، صنعتی ترقی اور کاروباری سہولیات کے حوالے سے متعدد چیلنجز کا سامنا ہے حکومت ان زمینی حقائق سے بخوبی آگاہ ہے

ریاست اور نوجوانوں کے درمیان خلیج کم کرکے انہیں بااختیار بنانا چاہتے ہیں، پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد کار میں اضافے کے لیے بھی کام جاری ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ، صنعتی ترقی اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کے لیے حکومت، نجی شعبے اور تعلیمی اداروں کے درمیان مؤثر اشتراک ناگزیر ہے۔ ریاست اور نوجوانوں کے درمیان موجود خلیج کو کم کرنا، نوجوانوں کو بااختیار بنانا اور انہیں جدید تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیم اور مہارتوں سے آراستہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ جامعات کو روایتی

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

جنگ ہوئی تو امریکا، اسرائیل کے فوجی اڈوں کے قریب ڈیم اور بجلی گھر ہدف ہونگے، ایران

امریکی یا اسرائیلی فوجی اڈے کے قریب موجود کوئی بھی ڈیم، بندرگاہ، یا بجلی گھر کو دوہرے استعمال کا حامل سمجھا جائے گا، سپیکر قالیباف

باقر قالیباف نے امریکی اخبار نیویارک ٹائمز کی رپورٹ پر ردعمل میں بولے ہم آپ ہی کی منطق کو یکساں اور غیر جانبدارانہ طور پر لاگو کریں گے

تہران (آن لائن) ایرانی پارلیمنٹ کے سپیکر محمد باقر قالیباف نے خبردار کرتے ہوئے کہا کہ امریکا اور

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بنگلہ دیش کیساتھ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کیلئے پرعزم ہیں: اسحاق ڈار

پاکستان بنگلہ دیشی طلبہ کو تعلیمی وظائف فراہم کررہا ہے، بنگالی سول سرونٹس سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

برطانیہ کا افغانستان کیلئے پانچ کروڑ پانڈ کی نئی ہنگامی امداد کا اعلان

امداد عالمی فلاحی اداروں کے ذریعے مستحق افغان خاندانوں، خواتین، بچوں کی خوراک پر خرچ ہوگی

لندن (این این آئی) برطانوی حکومت نے سخت

بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم شہباز شریف کا واشک میں دانش اسکول قائم کرنیکا اعلان

واشک میں دانش اسکول منصوبے پر پیش رفت نہ ہونے کا معاملہ بلوچستان اسمبلی میں اٹھالیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی اجلاس میں

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

نائب وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ایران واشنگٹن میں تابکار دھماکے پر غور نہیں کررہا، امریکی وزیر خارجہ

واشنگٹن، تہران کے درمیان براہ راست رابطوں کی راہ ہموار ہونے لگی، سفارتی ذرائع

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر خارجہ نے ان

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

رحمان گل قرآن پاک پر پاکستان سے وفاداری کا حلف نہ نبھا سکے، ضیاء لانگو

ہماری مثال ہے کہ اگر کسی کے گھر سے ایک گلاس پانی بھی پی لیا جائے تو اس کے ساتھ سو سال تک وفا کی جاتی ہے

پاک فوج کا نمک کھانے والے پاکستان کے وفادار نہ بن سکے بلوچ قوم سے کیا وفا کریں گے؟ صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ دہشت گردوں کی کارروائیوں کو

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بجلی کی قیمتوں میں اضافے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر کے بجلی صارفین

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ سے ایڈووکیٹ منیر احمد کاکڑ، نادر علی افضل حریفال کی ملاقات

حکومت بلوچستان وکلاء کی پیشہ ورانہ ضروریات، فلاح و بہبود اور تحفظ کو اہمیت دیتی ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان بار کونسل اور بلوچستان بار کونسل کے اراکین ایڈووکیٹ منیر احمد کاکڑ، ایڈووکیٹ نادر علی چھلگری،

بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان حکومت نے ایف آئی اے کے گریڈ 20 کے پولیس افسر عصمت اللہ جونیجو کی خدمات مانگ لیں

اسلام آباد (آن لائن) بلوچستان حکومت نے ایف آئی اے میں تعینات گریڈ 20 کے پولیس افسر

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سولر پینلز کی درآمد، کی آڑ میں مبینہ منی لانڈرنگ کا انکشاف

کابینہ کمیٹی نے آن لائن فراڈ کی روک تھام کے اقدامات کی تفصیلات طلب کرلیں

اسلام آباد (آن لائن) سینیٹ کی کابینہ کمیٹی میں انکشاف کیا گیا ہے کہ سولر پینلز کی درآمد کی آڑ میں 60 ارب روپے تک کی مبینہ منی لانڈرنگ ہوتی

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

صوبوں کی تشکیل کے معاملے پر ریفرنڈم کی بات کرنا بھونڈا مذاق ہے، شازیہ مری

اسلام آباد (آن لائن) رہنما پیپلز پارٹی شازیہ مری نے کہا ہے کہ صوبوں کی تشکیل کے معاملے پر

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بلاول حکومتی پارٹنر ہیں کیا لیکچر دینے کا حق رکھتے ہیں؟ خواجہ آصف

بلاول صاحب آپ کے پاس سندھ کی حکومت 18 سال سے ہے، کیا سندھ جنت بن گیا

اسلام آباد (آن لائن) وزیر دفاع خواجہ آصف نے بلاول بھٹو سے سوال اٹھایا ہے کہ آپ 2020 سے کاروبار حکومت میں پارٹنر ہیں، کیا آپ لیکچر یا دھمکی

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ملک کے بیشتر علاقوں میں رات کے اوقات میں سردی کی شدت بڑھنے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک، رات کے اوقات میں سردی کی شدت بڑھنے کا امکان ہے، پنجاب کے مختلف شہروں میں دھند اور اسموگ چھانے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد، خیبر پختونخوا،

بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کاروباری ضوابط کو آسان بنانے کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں، جام کمال

وزیر تجارت سے حبیب بینک لمیٹڈ کے صدر ناصر سلیم کی قیادت میں وفد کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام

بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بلاول آئین سے مرضی کی شق موسمی حساب سے نکالتے ہیں، طلال چوہدری

آئین اور جمہوریت کے نفاذ کے لیے ان کی گورننس اور پرفارمنس زیرو ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پہلا پاکستانی خلاباز چین کے شینزو 24 مشن کے ذریعے روانہ ہوگا

پاکستانی خلاباز تیانگونگ خلائی اسٹیشن پہنچنے والے پہلے غیر ملکی خلاباز ہوں گے

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کے خلائی پروگرام

بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان اور چین کا سکیورٹی تعاون بڑھانے پر اتفاق

سپیشل پروٹیکشن یونٹ کے اہلکاروں کو چینی زبان سکھانے کیلئے چینی انسٹرکٹرز جلد پاکستان بھیجنے کا فیصلہ

قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان باہمی رابطہ کاری کو فعال اور مؤثر بنانے پر اتفاق کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور چین کا سٹریٹجک شراکت داری، سکیورٹی تعاون اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان معاونت

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بچت اسکیموں پر منافع کی شرح میں ردوبدل کردیا گیا

ریگولر انکم سرٹیفکیٹ کا منافع 12.12 فیصد، بہبود، پنشنرز اور شہدا فیملی اکاؤنٹس کا منافع 12.96 فیصد برقرار

اسلام آباد (این این آئی) قومی بچت نے بعض بچت

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

طالبان رجیم میں اختلافات، سراج الدین حقانی نے اعتراف کرلیا

لوگ مزاجاً شیخ ہیبت اللہ کی پالیسیوں سے متفق نہیں ہیں، سراج الدین حقانی

کابل (آن لائن) طالبان رجیم میں اختلافات کھل کر سامنے آگئے، طالبان رجیم کے وزیر داخلہ سراج الدین حقانی نے بھی اعتراف کرلیا۔ طالبان رجیم

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ویمن یونیورسٹی کیلئے جدید سہولیات سے آراستہ ہال تعمیر کیا جائیگا، بلوچستان گورنر

مشترکہ کاوشوں اور دانشمندانہ منصوبہ بندی سے صوبے کی تمام سرکاری یونیورسٹیز کو کامیابی کے ساتھ مالی بحران سے نکال لیا گیا ہے

صوبے میں ہائیر ایجوکیشن کے فروغ میں گورنر جعفر خان مندوخیل کا ایک بہت قائدانہ کردار ہے، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ درانی

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان نے اعلان کیا کہ سردار بہادر خان وویمن یونیورسٹی کیلئے ایک جدید سہولیات سے آراستہ ہال تعمیر کیلئے آنے والے بجٹ میں فنڈ مختص کیا جائیگا جہاں تمام فارغ التحصیل گریجویٹس کا نووکیشن سمیت تمام بڑی تقریبات

بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں



سردار حسن موسیٰ گرلز ڈگری کالج میں فوڈ گالا کے افتتاح کے موقع پر صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، کالج کی پرنسپل صائمہ مقبول کے ہمراہ اسٹالز کا دورہ کررہی ہیں

مقامی حکومت آرڈیننس 2026 ختم، 2015 ایکٹ بحال، الیکشن کمیشن کا تفصیلی فیصلہ جاری

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد بلدیاتی انتخابات میں تاخیر کے معاملے پر الیکشن کمیشن نے

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

میتھین گیس کے اخراج پر قابو پانا موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے ناگزیر ہے، مصدق ملک

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

190 ملین پاؤنڈ کیس کا فیصلہ میرٹ پر ہوگا، ڈاکٹر طارق فضل

بانی پی ٹی آئی کی قانونی ٹیم میرٹ پر بحث کرنے کے بجائے مقدمہ لٹکانا چاہتی ہے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ 190 ملین پاؤنڈ کرپشن کیس میں بانی پاکستان تحریک انصاف

بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

تاریخ کا سب سے بڑا بڑا کارگو 15 ہزار میٹرک ٹن ایل پی جی لیکر پورٹ قاسم پہنچ گیا

کراچی (آن لائن) ملکی تاریخ کا سب سے بڑا کارگو 15 ہزار میٹرک ٹن ایل پی جی لے کر پورٹ قاسم پہنچ گیا۔ انگرو ووپاک ٹرمینل پر ایل پی جی کارگو لنگر انداز ہونے پر خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا، نئے نظام کے تحت یہ پہلا بڑا کارگو ہے۔ ریکارڈ ایل پی جی کارگو انگرو ووپاک ٹرمینل پورٹ قاسم پر لنگر انداز ہوا، جسے ایل پی جی کے

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

جماعتِ اسلامی جمعہ کو شوگر ملز کے باہر دھرنے دیگی، حافظ نعیم

پنجاب حکومت نے گندم کی خریداری کے لیے جو کمپنیاں قائم کی تھیں، وہ کہاں ہیں؟

اسلام آباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے اعلان کیا ہے کہ ہماری جماعت جمعے کو شوگر ملز کے باہر دھرنے دے گی۔ پریس

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

عوام اور کسان نو کے مفادات کا تحفظ حکومت کی ترجیح ہے، اسحاق ڈار

چینی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے، اضافی چینی کی برآمد سے متعلق کابینہ کمیٹی کا اجلاس، ملکی طلب و رسد، پیداوار، کھپت اور سپلائی چین کا تفصیلی جائزہ

نائب وزیراعظم نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ملکی منڈیوں میں چینی کی مناسب دستیابی اور قیمتوں میں استحکام برقرار رکھنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں

اسلام آباد (آن لائن) حکومت نے ملک بھر میں چینی کی بلاتعطل فراہمی اور قیمتوں میں استحکام برقرار رکھنے کے لیے متعلقہ اداروں کو ضروری اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ حکومت وزیراعظم کی ہدایات کے مطابق عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے اور صارفین کے حقوق کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات کررہی ہے، جبکہ

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سعودی دفاع نے حوثی کروز میزائل فضا میں تباہ کردیا

عرب اتحادی افواج نے شہری آبادیوں کو بڑے نقصان سے بچا لیا

حوثی ملیشیا کے ٹھکانوں پر جوابی کارروائی کا اعلان، نشانہ دارالحکومت ریاض تھا

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کی قیادت میں قائم عرب اتحادی افواج نے یمن کے حوثی باغیوں کی جانب سے سعودی دارالحکومت ریاض کی سمت

بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

روس کا فوجی مال بردار طیارہ سائبیریا میں گر کر تباہ، 19 افراد ہلاک

این-12 طیارہ معمول کی پرواز پر تھا جب وہ ایک غیر آباد علاقے میں حادثے کا شکار ہوا

ماسکو (آن لائن) روس کی وزارت دفاع کا کہنا ہے فوجی مال بردار طیارہ سائبیریا کے علاقے کیمیرووو میں گر کر تباہ ہوگیا، جس کے نتیجے میں اس میں سوار تمام

بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

موبائیل ایپ سے قرض پر سالانہ شرح منافع 90 فیصد مقرر

موبائل ایپ سے قرضوں پر شرح منافع میں 67 فیصد کمی کردی گئی، ایس ای سی پی کا نیا سرکلر جاری

اسلام آباد (آن لائن) موبائل ایپ سے قرضوں پر

بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

آبنائے ہرمز میں ایک دن میں تیسرا آئل ٹینکر بارودی سرنگوں سے ٹکرا گیا

تہران (آن لائن) آبنائے ہرمز میں ایک دن میں تیسرا آئل ٹینکر بارودی سرنگوں سے ٹکرا گیا۔ ایرانی بحریہ نے کہا ہے کہ بحری پابندیوں کی خلاف ورزی کرنے والے تیسرے ٹینکر میں مشرقی

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

مکہ دفاعی معاہدے کے رکن ممالک کا اجلاس رواں ماہ ہوگا، ترک وزیر خارجہ

انقرہ (این این آئی) مکہ دفاعی معاہدے کے رکن ممالک کا اجلاس رواں ماہ جرمنی میں متوقع ہے، پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے حکام شرکت کریں گے۔ ترک وزیر خارجہ حاکان فیدان کے

بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان بچوں کو تشدد سے محفوظ رکھنے کے عالمی عزم پر قائم ہے، نذیر تارڑ

ہر بچے کو ہر ماحول میں ہر قسم کے تشدد سے محفوظ بنانے کے لیے مؤثر اقدامات اور عملی منصوبہ بندی ناگزیر ہے، وزیر قانون

حکومت کا ہدف ہے کہ 2030 تک بچوں کے تحفظ کے مؤثر نظام کو 100 اضلاع تک وسعت دی جائے، احتساب کو مستحکم کیا جائیگا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے بچوں کے خلاف تشدد کے خاتمے کے لیے پاکستان کے عالمی عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہر بچے کو ہر ماحول میں ہر قسم کے تشدد سے محفوظ بنانے کے لیے مؤثر

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

چیئرمین سینیٹ سیودی چلڈرن کی اہم کانفرنس میں شرکت کے لیے بنکاک پہنچ گئے

بینکاک (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی بچوں کے حقوق، تعلیم، صحت، تحفظ اور فلاح و بہبود سے متعلق حکومتی پالیسیوں اور بجٹ اقدامات پر تبادلہ خیال کے لیے سیو دی چلڈرن کی اہم کانفرنس میں شرکت کے لیے بنکاک پہنچ گئے۔ بدھ کو سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد ہائیکورٹ کا بشریٰ بی بی کو جیل میں ہر ممکن طبی و دیگر سہولتیں فراہم کرنے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے 190 ملین پاؤنڈ کیس میں بانی پی ٹی آئی اور

بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بشریٰ بی بی کی سرجری کے بعد جیل میں انفیکشن کا خطرہ ہے، لطیف کھوسہ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے 190 ملین پاؤنڈ کیس میں بانی پی ٹی آئی اور

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں



اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی سے رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت ملاقات کررہے ہیں

امریکی تیل کے ذخائر میں بڑا اضافہ، عالمی منڈی میں خام تیل سستا

ڈبلیو ٹی آئی 0.65 فیصد کمی کے بعد 85.45 ڈالر فی بیرل، برینٹ خام تیل بھی سستا ہوگیا

نیویارک (آن لائن) امریکا میں خام تیل اور ایندھن کے ذخائر میں اضافے کی اطلاعات کے بعد عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے نوتعمیر شدہ رتھوعہ ہریام پل کی تختی کی نقاب کشائی کرکے پل کا افتتاح کردیا

مظفرآباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے نوتعمیر شدہ رتھوعہ ہریام پل کی تختی کی نقاب

بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

آل پارٹیز کا آج بلوچستان بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال اور احتجاجی مظاہروں کا اعلان

حکمرانوں کی اسی پالیسی اور مسلسل چشم پوشی کے نتیجے میں عوام کی جان و مال، عزت، روزگار اور قومی وسائل غیر محفوظ ہوچکے ہیں

صوبے کے مختلف شہروں اور تجارتی مراکز میں تاجروں سے ملاقاتیں و پمفلٹ تقسیم، عوام اور کاروباری طبقے سے بھرپور تعاون کی اپیل

کوئٹہ (یو این اے) آل پارٹیز کی جانب سے آج صوبے بھر میں مکمل شٹر ڈان ہڑتال اور تمام شہروں میں پرامن احتجاجی مظاہروں کو کامیاب بنانے کے سلسلے میں آج صوبے کے طول و عرض میں مختلف علاقوں، بازاروں اور تجارتی مراکز کا دورہ کیا گیا۔

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں



صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی زیر تربیت انٹرنل آڈٹ یونٹ کے افسران اور اہلکاروں کی تربیت کا جائزہ لے رہے ہیں

اہم شخصیات کے قتل کی سازش، آصف مرچنٹ کو 330 ماہ قید کی سزا

اٹارنی جنرل نے 48 سالہ آصف مرچنٹ کو ایرانی ایجنٹ قرار دیا، آصف نے الزامات مسترد کردیے

واشنگٹن (آن لائن) امریکا میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ سمیت اہم سیاسی شخصیات کو قتل کرنے کی مبینہ سازش کے الزام میں گرفتار پاکستانی شہری آصف مرچنٹ کو 330 ماہ (تقریباً ساڑھے 27 سال) قید کی سزا سنادی گئی۔ امریکی محکمہ انصاف کے مطابق

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ملک بھر میں چینی کی مجموعی طلب اور رسد کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا

حکومت عام شہریوں کو مفادات کے تحفظ کیلئے تمام ممکنہ اقدامات کرنے کیلئے پرعزم ہے، اسحاق ڈار

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ حکومت عام شہریوں کو سہولت فراہم کرنے اور صارفین کے

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بچوں کے حقوق، تعلیم اور صحت پر سرمایہ کاری ہمارا مشترکہ مستقبل ہے، ثنا یوسف گیلانی

چیئرمین سینیٹ بچوں میں سرمایہ کاری سے متعلق سیو دی چلڈرن کی عالمی کانفرنس میں شرکت کے لیے بنکاک پہنچ گئے

وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ بھی ہمراہ، بچوں کی فلاح و بہبود اور علاقائی تعاون کے فروغ پر اہم ملاقاتیں متوقع

بنکاک (آن لائن) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی بچوں کے حقوق، تعلیم، صحت اور فلاح و بہبود کے لیے مؤثر حکومتی پالیسیوں اور بجٹ اقدامات کے فروغ سے متعلق اہم بین الاقوامی کانفرنس میں شرکت کے لیے تھائی لینڈ کے دارالحکومت بنکاک پہنچ گئے۔ ان کا یہ دورہ بچوں کے محفوظ مستقبل، معیاری تعلیم، صحت کی بہتر سہولیات اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے پاکستان کے بین الاقوامی تعاون

بقیہ 12 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سردار بہادر خان وومین یونیورسٹی کے 12 ویں کانووکیشن کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

لورالائی ’وقاص خان کی لاش کی برآمدگی حکومت کی بے حسی کا ثبوت ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن

قاتلوں اور درندوں کو فوری گرفتار کر کے عبرت ناک سزا دی جائے، جماعت اسلامی مظلوم خاندان کیساتھ ہے

کوئٹہ (یو این اے) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کا لورالائی سے لاپتہ ہونے وقاص خان زخیلی کے اغوا کے 20 دن بعد لاش کی برآمدگی پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ لاش وقاص زخیلی کی نہیں اداروں و حکومت اور ذمہ داران کی بے حسی کی لاش ہے۔ لورالائی میں جماعت اسلامی سمیت

بقیہ 13 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان کا عبدالرحمٰن کھیتران کی جانب سے خاتون رکن اسمبلی کی کردارکشی کی مذمت

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان اسمبلی کے فلور پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان پر لگائے گئے الزامات کا جواب انہوں نے ایک شعر کے ذریعے دیا ہے۔ اس دوران وزیراعلیٰ بلوچستان نے سردار

بقیہ 11 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

قومی اسمبلی کی طرز پر صرف پی ٹی وی کو کوریج کی اجازت دی جائے، ظہور بلیدی

بلوچستان اسمبلی میں نجی میڈیا کے داخلے پر پابندی کی تجویز، وزیراعلیٰ نے مشاورت کیلئے وقت مانگ لیا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی کی جانب سے ایوان کی کارروائی کی کوریج کے لیے نجی میڈیا پر پابندی عائد کرنے کی تجویز سامنے آئی ہے، جس پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صحافتی تنظیموں سے مشاورت کے لیے وقت مانگ لیا ہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی نے سب سے پہلے کردگاپ میں میجر سمیت دو سیکیورٹی افسران کی شہادت پر گہرے دکھ اور دلی

بقیہ 8 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

خاتون رکن اسمبلی کیخلاف نازیبا الفاظ کے استعمال پر وزیر داخلہ بلوچستان کا اجلاس سے احتجاجی واک آؤٹ

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس کے دوران سابق صوبائی وزیر کی جانب سے ایک خاتون رکن اسمبلی کے خلاف مبینہ طور پر نازیبا الفاظ کے استعمال پر وزیر داخلہ بلوچستان نے شدید احتجاج ریکارڈ کراتے ہوئے ایوان سے واک آؤٹ کیا۔ پارلیمانی ڈرائع کے مطابق

بقیہ 6 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے سماجی بہبود کا اجلاس، نان فارمل ایجوکیشن بل کا جائزہ لیا گیا

محروم طبقات کو معیاری تعلیم و فنی ہنر فراہم کرنے کیلئے غیر رسمی تعلیمی نظام ناگزیر ہے، فضل قادر مندوخیل

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے سماجی بہبود نے بلوچستان نان فارمل ایجوکیشن بل 2026 کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے کے دور دراز، پسماندہ اور تعلیمی سہولیات سے محروم علاقوں میں تعلیم کے فروغ کے لیے غیر رسمی تعلیمی نظام متعارف کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ مجوزہ قانون کے ذریعے بچوں، نوجوانوں اور تعلیم سے محروم افراد کو معیاری تعلیم، فنی تربیت اور روزگار سے منسلک مہارتوں کے مواقع فراہم کیے جا

بقیہ 9 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ممبران اجلاس بلا کر تنظیم سازی کے عمل کا آغاز کریں، عاصم کرد گیلو

تنظیم سازی کا عمل مکمل ہونے تک پرانی تمام تنظیمیں اپنی جگہ اپنا کام جاری رکھیں

کوئٹہ (پ ر) مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے سیکرٹری اطلاعات چوہدری شبیر بلوچستانی کے جاری کردہ بیان کے مطابق صوبائی صدر مسلم لیگ (ن) بلوچستان نے آرگنائزنگ کمیٹی مسلم لیگ بلوچستان کے چیئرمین عاصم کرد گیلو اور ممبران کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ تنظیم سازی کے عمل کو فوری طور پر اپنا اجلاس بلا کر تنظیم سازی کے عمل کا آغاز کریں اور دیے گئے ٹائم فریم میں اپنی رپورٹ پیش کریں۔ انہوں نے مزید ہدایت جاری کی ہے کہ تنظیم سازی کا عمل مکمل ہونے

بقیہ 2 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

صنعتی و معاشی ترقی کے فروغ کیلئے گوادر انٹرنیشنل سٹریٹ اسٹیٹ میں نئی اسٹیل ملز کے قیام کی تیاریاں تیز

گوادر (یو این اے) نومبر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور صوبائی حکومت کی صنعتی و معاشی ترقی کی پالیسی کے تحت گوادر میں صنعتی سرگرمیوں کے فروغ اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنے کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں۔ اس سلسلے میں گوادر انٹرنیشنل اسٹریٹ اسٹیٹ میں نئی اسٹیل ملز کے قیام کی تیاریاں تیز کر دی گئی ہیں، جبکہ منصوبے کی فاؤنڈیشن کے کام کے لیے تکنیکی

بقیہ 7 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس جمعہ 20 نومبر 2026 تک ملتوی

کوئٹہ (یو این اے) اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی نے بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس جمعہ، 20 نومبر 2026 بوقت سہ پہر 3 بجے تک ملتوی کر دیا ہے۔

مدارسِ دینیہ اور مولانا فضل الرحمٰن ہمارے لیے ریڈ لائن ہیں، مولانا واسع

دینی تشخص اور عوامی حقوق کے تحفظ کیلئے پرامن جدوجہد جاری رکھیں گے، جے یو آئی

قلعہ عبداللہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع قلعہ عبداللہ کے زیر اہتمام داعی امن کانفرنس سے جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع، صوبائی سیکرٹری جنرل آغا محمود شاہ، مرکزی سیکرٹری مالیات مولانا صلاح الدین ایوبی، مولانا حسین احمد شرروی، مولانا حافظ محمد یوسف، میر یونس عزیز زہری، صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری

بقیہ 4 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

سوئی گیس کیس میں اہم پیشرفت، وفاقی آئینی عدالت نے فیصلہ دوبارہ سماعت کیلئے واپس بھجوا دیا

چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ کی سربراہی میں ازسرنو جائزہ لیکر 30 روز میں فیصلہ صادر کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میں سوئی گیس سے متعلق اہم مقدمے میں بڑی پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں وفاقی آئینی عدالت نے بلوچستان ہائی کورٹ کے 3 جون 2024 کے اہم فیصلے سے متعلق کیس دوبارہ سماعت اور ازسرنو جائزے کے لیے بلوچستان ہائی کورٹ کو واپس بھجوا دیا ہے۔ وفاقی آئینی عدالت کی جانب سے اس معاملے پر

بقیہ 5 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پاکستان بار کونسل اور بلوچستان کے اراکین کو وکلاء کے فلاحی اقدامات پر صوبائی حکومت کے جاری شدہ نوٹیفکیشن حوالے کر رہے ہیں

سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے پاک امریکہ مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں، ایاز صادق

سردار ایاز صادق سے امریکن بزنس کونسل کے وفد کی ملاقات، سرمایہ کاری کے مواقع اور کاروباری تعاون کو مزید مستحکم بنانے پر تبادلہ خیال

دونوں ممالک کی کاروباری برادری ان امکانات سے بھرپور استفادہ کرتے ہوئے باہمی تجارت اور سرمایہ کاری کو نئی بلندیوں تک لے جا سکتی ہے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے امریکن بزنس کونسل کے وفد نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران پاکستان اور امریکہ کے درمیان تجارتی و اقتصادی تعلقات کو مزید وسعت دینے، باہمی سرمایہ کاری کے فروغ، کاروباری برادری کے روابط مستحکم بنانے اور مختلف شعبوں میں تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے امریکن بزنس کونسل کے وفد کو پارلیمنٹ ہاؤس

بقیہ 26 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بجلی و گیس کی عدم فراہمی پر حاجی علی مدد جنگ کا اسمبلی میں اظہار تشویش

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر حاجی علی مدد جنگ نے بلوچستان اسمبلی اجلاس میں پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئٹہ بالخصوص سریاب میں بجلی اور گیس کی عدم فراہمی کے باعث شدید سردی میں بھی ان کے حلقے کے

بقیہ 22 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بی آئی سی وی ڈی میں بھرتیوں کے نام پر میرٹ کی پامالی قبول نہیں، بلوچ ڈاکٹرز فورم

کوئٹہ (یو این اے) بلوچ ڈاکٹرز فورم نے بلوچستان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی اینڈ ویسکولر ڈیزیز (بی آئی سی وی ڈی) میں بھرتیوں کے عمل میں مبینہ بے ضابطگیوں اور انٹرویوز کے کئی ماہ گزرنے کے باوجود نتائج اور حتمی میرٹ لسٹ جاری نہ کرنے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے

بقیہ 23 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ میر ریاض شاہوانی کی کیسکو چیف ایگزیکٹو سے ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی نائب صدر اول میر ریاض احمد شاہوانی کی قیادت میں پاکستان پیپلز پارٹی کے ایک وفد نے بدھ کو چیف ایگزیکٹو آفیسر (CEO) کیسکو

بقیہ 27 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

قلات ڈپٹی کمشنر سے محلہ شیشہ ڈغار اور محلہ خیل کی خواتین کے وفد کی ملاقات

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر الجھنسز عائشہ زہری سے محلہ شیشہ ڈغار اور محلہ خیل کی خواتین کے وفد کی ملاقات۔ ملاقات کے دوران خواتین وفد نے ڈپٹی کمشنر کو کلی بنگلوئی شیشہ ڈغار کے ٹرانسفارمر کی خرابی، محلہ خیل میں پانی کی قلت اور دیگر درپیش

بقیہ 28 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

جھل مگسی اغواء ہونے والے تین نوجوان بازیاب ہو کر گھر پہنچ گئے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جھل مگسی کوٹھڑہ ندی سے اغواء ہونے والے تین نوجوان بازیاب ہو کر گھر پہنچ گئے پولیس کے مطابق جھل مگسی تحصیل گندواہ پولیس تھانہ کوٹھڑہ کی حدود کوٹھڑہ ندی کے

بقیہ 29 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پاکستانی اداروں میں پیشہ ورانہ معیار کا فروغ، جاپانی ورک کلچر پر ٹریننگ ورکشاپ

جاپانی سفیر اکاماتسو شوچی، چیئرمین مرتضیٰ مانڈوی والا، مشیر سرمایہ کاری بورڈ سید فیروز شاہ کی شرکت

کوئٹہ (یو این اے) پاکستانی اداروں میں معیار، پیشہ ورانہ مہارت اور کارکردگی کو بہتر بنانے، مقامی پیشہ ور افراد کو جاپانی ورک کلچر اور جدید انتظامی اصولوں سے روشناس کرانے اور پاکستان و جاپان کے درمیان پیشہ ورانہ اشتراک اور علم کے تبادلے کو فروغ دینے کیلئے پاکستان جاپان بزنس فورم اور علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے اشتراک سے جاپانی کام کی جگہ پر عمدگی کا پروگرام کے عنوان سے ایک تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ورکشاپ کے

بقیہ 10 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

موجودہ صوبائی حکومت عوامی مسائل کے حل میں سنجیدہ نہیں، جے یو آئی

صوبے کے وسائل کی مبینہ لوٹ مار اور عوامی حقوق کی پامالی پر خاموشی سنگین جرم ہے، مولانا عبدالرحمٰن

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولانا محمد ایوب، سید حاجی عبدالواحد آغا، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، عبدالصمد ہزار اور دیگر رہنماں نے کہا ہے کہ صوبے پر مسلط نمائشی حکومت

بقیہ 20 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پانچ برس گزرنے کے باوجود قلات سے خضدار تک کام رکا ہوا ہے، سلیم کھوسو

بلوچستان اسمبلی میں کوئٹہ کراچی شاہراہ کی تاخیر پر گرما گرم بحث، محمد یونس عزیز زہری کا فوری تکمیل کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس کے دوران قابل حزب اختلاف محمد یونس عزیز زہری نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کوئٹہ کراچی شاہراہ (این 25) کو دو رویہ بنانے کے منصوبے میں شدید تاخیر پر کڑے سوالات اٹھائے ہیں۔ انہوں نے ایوان کو بتایا کہ آج سے پانچ برس قبل وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف نے گورنر ہاس کوئٹہ میں اس اہم منصوبے کا افتتاح کرتے ہوئے اعلان کیا تھا کہ اسے ایک سال کے

بقیہ 21 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بجلی و گیس کی بدترین لوڈشیڈنگ نے کاروبار کا پہیہ جام کر دیا، طارق محمود

صورتحال فوری بہتر نہ ہوئی تو عوام کے ساتھ مل کر شدید احتجاج کی کال دی جائے گی، سینیٹر

کوئٹہ (یو این اے) انٹرنیشنل متحدہ اتحاد عباسیہ کے سینئر رہنما حاجی طارق محمود عباسی نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں گیس اور بجلی کی لوڈشیڈنگ کا گٹھ جوڑ، کاروباری سرگرمیاں ٹھپ، شہری شدید پریشانی میں مبتلا بجلی اور گیس کے بدترین بحران نے کاروبار کا پہیہ جام کر دیا، عوام بلبلا اٹھے ہیں۔ سردی کی شدت میں اضافے کے ساتھ ہی گیس اور بجلی غائب، گھروں میں چولہے ٹھنڈے پڑ گئے غیر اعلانیہ و ظالمانہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ عروج پر پہنچ گیا ہے جس نے

بقیہ 40 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

تربت، 11 ہزار کے وی کا بجلی کا تار گرنے سے کمسن بچی جاں بحق، باپ بیٹا زخمی

عوامی حلقوں کی جانب سے کیسکو کے پرانے اور بوسیدہ تاروں کی شکایات پر کوئی شنوائی نہ ہو سکی

تربت (یو این اے) تربت کے علاقے واسلو بازار میں ہولناک حادثہ پیش آیا ہے جہاں 11 ہزار وولٹ کا ہائی ٹینشن بجلی کا تار اچانک زمین پر آ گرا، جس کے نتیجے میں باپ اور بیٹا جلس کر شدید زخمی جبکہ ان کی کمسن بیٹی جاں بحق ہو گئی ہے۔ موصولہ تفصیلات کے مطابق بجلی کا تار گرنے کے اس حادثے میں محمد اسماعیل اور ان کا بیٹا نواز اسماعیل شدید زخمی ہوئے ہیں، جبکہ ان کی معصوم کمسن بیٹی ماہ بی بی زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پر ہی جاں بحق ہو گئیں۔ اس دلخراش واقعے کے بعد مقامی عوامی حلقوں میں شدید غم و غصہ پایا

بقیہ 33 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

جھل مگسی، نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ، ایک شخص جاں بحق

جاں بحق شخص کی شناخت خالد حسین سارنگانی کے نام سے ہوئی، فائرنگ کے محرکات تاحال معلوم نہ ہو سکے

جھل مگسی (یو این اے) جھل مگسی سٹی میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں ایک شخص موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا ہے، جس کے بعد علاقے میں شدید خوف و ہراس اور تشویش کی فضا پائی جاتی ہے۔ موصولہ تفصیلات کے مطابق جھل مگسی سٹی میں نامعلوم مسلح ملزمان نے اچانک فائرنگ کر دی، جس کی زد میں آ کر ایک شخص شدید زخمی ہوا اور زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت خالد حسین ولد غلام محمد

بقیہ 34 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

لورالائی میں افسوسناک واقعہ، لاپتہ کمسن بچے کی لاش کنویں سے برآمد

کل گرمی سے 29 اکتوبر کو لاپتہ ہونے والے بچے وقاص زخیلی کی لاش پانی کے کنویں سے مل گئی

لورالائی (یو این اے) بلوچستان کے ضلع لورالائی میں انتہائی افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے جہاں کئی روز سے لاپتہ کمسن بچے کی لاش پانی کے ایک کنویں

بقیہ 42 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ہمارے خلاف جھوٹی ایف آئی آر درج کی گئی ہے، غلام رسول

نصیرآباد (این این آئی) صوبائی مشیر برائے محنت و افرادی قوت اور پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے

بقیہ 41 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈیرہ مگسی کے علاقے پٹ فیڈر سے دو افراد کو اغواء کر لیا گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مگسی کے علاقے پٹ فیڈر سے دو افراد کو اغواء کر لیا گیا۔

بقیہ 43 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ایئرپورٹ پولیس کی کارروائی، موٹر سائیکل چوری میں ملوث 3 ملزمان گرفتار

7 مسروقہ موٹر سائیکلیں برآمد، غیر قانونی اسلحہ رکھنے والا ایک اور ملزم بھی حراست میں ہے

کوئٹہ (یو این اے) ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ عمران شوکت اور ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ ضیا الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایات، اور ایس پی صدر

بقیہ 25 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پوسٹ گریجویٹ ڈاکٹرز کا 7 ماہ کے وظائف روکنے پر احتجاج کا اعلان

21 نومبر کو پریس کانفرنس میں آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے، ترجمان وائی ڈی اے بلوچستان

کوئٹہ (یو این اے) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن (وائی ڈی اے) بلوچستان نے محکمہ صحت کی جانب سے پوسٹ گریجویٹ ڈاکٹرز اور ہاس آفیسرز کے

بقیہ 24 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں



سردار حسن موسیٰ گرلز ڈگری کالج میں فوڈ گالا کے افتتاح کے موقع پر صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ درانی اسٹالز کا دورہ کر رہی ہیں

بی، عوامی شکایات پر اسسٹنٹ کمشنر کا بینظیر انکم سپورٹ پروگرام ادائیگی پوائنٹ کا ہنگامی دورہ

امدادی رقوم کی ادائیگی میں غفلت یا تاخیر کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائیگی

بی (یو این اے) ڈپٹی کمشنر بی کے خصوصی احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر بی نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے ادائیگی پوائنٹ کا دورہ کیا، جس کا مقصد گزشتہ روز سامنے آنے والی عوامی شکایات کے حقائق معلوم کرنا اور مستحقین کو درپیش مسائل کا جائزہ لینا تھا۔ دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے نشاندہی کی کہ بعض مستحق خواتین کی جانب سے قسط کی ادائیگی میں غیر ضروری تاخیر کی شکایات موصول ہوئی ہیں، جبکہ پوائنٹ پر

بقیہ 31 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پٹرولیم قیمتوں میں روزانہ اتار چڑھاؤ قوم کیساتھ مذاق ہے، ظاہر شاہ کاکڑ

فی لیٹر 80 روپے پٹرولیم لیوی عوام اور ٹرانسپورٹرز پر ظلم کے مترادف ہے، وزیر خان کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) آل پاکستان بس یونین اور پنجاب خیبر پختونخوا بس یونین کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ظاہر شاہ کاکڑ، مرکزی جنرل سیکرٹری وزیر خان کاکڑ، نائب صدر اقبال سرگڑھ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری حبیب اللہ اور نائب صدر عبدالثمین نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر اتار چڑھاؤ کو قوم کے ساتھ مذاق اور فی لیٹر 80 روپے پٹرولیم لیوی عائد کرنے کو عوام اور ٹرانسپورٹرز کے ساتھ سراسر ظلم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ

بقیہ 30 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں



ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان (KPI's) کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لورالائی میں افسوسناک واقعہ، لاپتہ کمسن بچے کی لاش کنویں سے برآمد

کل گرمی سے 29 اکتوبر کو لاپتہ ہونے والے بچے وقاص زخیلی کی لاش پانی کے کنویں سے مل گئی

لورالائی (یو این اے) بلوچستان کے ضلع لورالائی میں انتہائی افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے جہاں کئی روز سے لاپتہ کمسن بچے کی لاش پانی کے ایک کنویں

بقیہ 42 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ہمارے خلاف جھوٹی ایف آئی آر درج کی گئی ہے، غلام رسول

نصیرآباد (این این آئی) صوبائی مشیر برائے محنت و افرادی قوت اور پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے

بقیہ 41 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈیرہ مگسی کے علاقے پٹ فیڈر سے دو افراد کو اغواء کر لیا گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مگسی کے علاقے پٹ فیڈر سے دو افراد کو اغواء کر لیا گیا۔

بقیہ 43 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ایرانی پٹرول ہزاروں خاندانوں کا ذریعہ معاش ہے، میر زبیر لانگو

سرکاری نوکری کے حصول میں ناکام سینکڑوں نوجوان روزگار سے منسلک ہو چکے ہیں

کوئٹہ (یو این اے) آل بلوچستان بے روزگار یونین کے مرکزی صدر میر زبیر لانگو، جنرل سیکرٹری لطیف شاہوانی اور دیگر عہدیداروں نے کہا ہے کہ

بقیہ 44 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

زراعت اور آبپاشی کا شعبہ علاقائی معیشت سے وابستہ ہے، صادق عمرانی

صوبائی وزیر آبپاشی سے مختلف عوامی وفود کی ملاقات، ڈیرہ مراد جمالی اور گردونواح کے علاقوں کو درپیش عوامی مسائل سے آگاہ کیا

ترقیاتی منصوبوں کا بنیادی مقصد عوام کے معیارِ زندگی کو بہتر بنانا اور عوام کو درپیش مشکلات کا مستقل بنیادوں پر ازالہ کرنا ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی سے ڈیرہ مراد جمالی سے تعلق رکھنے والے مختلف عوامی وفود نے شاز عمرانی کی قیادت میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وفود نے صوبائی وزیر کو ڈیرہ مراد جمالی اور گردونواح کے علاقوں کو درپیش عوامی

بقیہ 48 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی تبدیلی کا نوٹس

کوئٹہ (این این آئی) چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ جسٹس کامران خان ملاخیل نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ان کی چچی کے انتقال پر تعزیت کی اور مرحومہ کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر چیف جسٹس بلوچستان

بقیہ 14 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ: سردار حسن موسیٰ گرلز کالج میں فوڈ گالا اور انٹر پرینورا سٹالز کا شاندار انعقاد

کوئٹہ (پریس رپورٹ) سردار حسن موسیٰ گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج کوئٹہ میں فوڈ گالا اور انٹر پرینور اسٹالز کا شاندار ایونٹ کامیابی کے ساتھ منعقد ہوا۔ ایونٹ کا افتتاح مہمانِ خصوصی وزیر تعلیم بلوچستان میڈم راحیلہ حمید خان درانی نے صبح

بقیہ 1 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

قلات پولیس کا انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن قتل اور دہشتگردی میں مطلوب اشتہاری ملزم گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) قلات پولیس نے انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کے دوران قتل و دہشتگردی اور سنگین جرائم کے مقدمات میں مطلوب اشتہاری ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی قلات سید زاہد حسین شاہ کی خصوصی ہدایت پر قلات

بقیہ 18 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک اور شمالی علاقوں میں سردی کی لہر برقرار

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ موسمیات کے مطابق بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک جبکہ شمالی اضلاع میں سردی کے ساتھ تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ صوبے کے مختلف شہروں میں کم سے کم

بقیہ 19 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ کی وزیراعلیٰ سے چچی کے انتقال پر تعزیت و فاتحہ خوانی

کوئٹہ (این این آئی) چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ جسٹس کامران خان ملاخیل نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ان کی چچی کے انتقال پر تعزیت کی اور مرحومہ کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر چیف جسٹس بلوچستان

بقیہ 14 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ: سردار حسن موسیٰ گرلز کالج میں فوڈ گالا اور انٹر پرینور اسٹالز کا شاندار انعقاد

کوئٹہ (پریس رپورٹ) سردار حسن موسیٰ گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج کوئٹہ میں فوڈ گالا اور انٹر پرینور اسٹالز کا شاندار ایونٹ کامیابی کے ساتھ منعقد ہوا۔ ایونٹ کا افتتاح مہمانِ خصوصی وزیر تعلیم بلوچستان میڈم راحیلہ حمید خان درانی نے صبح

بقیہ 1 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

قلات پولیس کا انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن قتل اور دہشتگردی میں مطلوب اشتہاری ملزم گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) قلات پولیس نے انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کے دوران قتل و دہشتگردی اور سنگین جرائم کے مقدمات میں مطلوب اشتہاری ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی قلات سید زاہد حسین شاہ کی خصوصی ہدایت پر قلات

بقیہ 18 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک اور شمالی علاقوں میں سردی کی لہر برقرار

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ موسمیات کے مطابق بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک جبکہ شمالی اضلاع میں سردی کے ساتھ تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ صوبے کے مختلف شہروں میں کم سے کم

بقیہ 19 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

خضدار: نیشنل انٹیگریٹڈ ایجوکیشن کمپلیکس کو جدید سہولیات سے آراستہ کر دیا گیا

خضدار (خ ن) یوان مائننگ انٹرپرائزز کمپنی کی جانب سے نیشنل انٹیگریٹڈ ایجوکیشن کمپلیکس خضدار کو جدید سہولیات سے آراستہ کر دیا گیا۔ کمپنی کی جانب سے کمپلیکس کو 20 کلوواٹ سولر فوٹو وولٹک سسٹم اور اسکول فرنیچر فراہم کیا گیا ہے



پسنی گورنمنٹ گرلز ہائی سکول باغبازار میں چھ روزہ پروجیکٹ بیسڈ اسیسمنٹ کے دوران طالبات اپنے تیار کردہ سائنسی ماڈلز پیش کر رہی ہیں

بجلی کی طویل لوڈ شیڈنگ نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا

ڈپٹی کمشنر ہاؤس کے سامنے کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ کو ٹریفک کے لیے بلاک کر دیا

مستونگ (یو این اے) بجلی کی طویل اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ، سوئی گیس پریشر کی عدم دستیابی اور مختلف راستوں کی گزشتہ چار ماہ سے بندش کے خلاف مستونگ میں مرد و خواتین نے احتجاج کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر ہاؤس کے سامنے کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ کو ٹریفک کے لیے بلاک کر دیا، جس کے باعث شاہراہ پر گاڑیوں کی آمد و رفت معطل ہو گئی۔ احتجاجی دھرنے میں خواتین اور بچوں کی بڑی تعداد سمیت نیشنل پارٹی، بلوچستان نیشنل پارٹی اور تاجر برادری کے رہنماں نے شرکت کی۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ شدید سردی کے باوجود مستونگ میں سوئی گیس کا پریشر مکمل طور پر غائب ہے، جبکہ بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ، بار بار ٹرپنگ اور لو وولٹیج بجلی کی فراہمی نے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔

صحبت پور میں گورنمنٹ ٹیچرز یونین کے انتخابات، دو پینل آمنے سامنے آ گئے

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور میں گورنمنٹ ٹیچرز یونین کے ضلعی انتخابات کا دنگل سجنے کو تیار، دو پینل آمنے سامنے آ گئے۔ گورنمنٹ ہائر سیکنڈری اسکول صحبت پور میں امیدواروں کے کاغذات نامزدگی وصول کر لیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق انتخابات آرگنائزنگ کمیٹی کی نگرانی میں منعقد کیے جا رہے ہیں۔

ڈھاڈر میں عوامی احتساب فورم کا انعقاد، صحت، تعلیم اور بلدیاتی مسائل پر تبادلہ خیال

شہریوں کی آواز کو اہمیت دی جائے، عوامی خدمات میں شفافیت اور جوابدہی ضروری ہے، شرکا

بولان (یو این اے) ضلع بھی کے شہر ڈھاڈر میں سٹیزن نیٹ ورک فار اکاؤنٹیبلٹی (سی این بی اے) کی پارٹنر تنظیم ویب بلوچستان کے زیر اہتمام کیونٹی اکاؤنٹیبلٹی فورم (عوامی احتساب فورم) کا انعقاد کیا گیا، جس میں صحت، تعلیم اور بلدیاتی خدمات کی فراہمی سے متعلق عوامی مسائل اور شہریوں کو درپیش مشکلات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ پریس ریلیز کے مطابق فورم کا مقصد عوامی خدمات کے معیار میں بہتری، شہریوں کے مسائل کی نشاندہی، شفافیت کے فروغ اور متعلقہ اداروں کو جوابدہ بنانے کے لیے مکالمے کو فروغ دینا تھا۔ سی این بی اے ایک ملک گیر نیٹ ورک ہے، جسے سیٹزن فار پبلک اینڈ ڈیولپمنٹ اکنیشی اینیو چلاتا ہے اور یہ تحقیق، تکنیکی معاونت اور رہنمائی فراہم کرتا ہے، جبکہ اس کی پارٹنر سول سوسائٹی تنظیمیں مقامی کمیونٹیز اور متعلقہ فریقین کو متحرک کرتی ہیں۔ فورم میں مختلف سیاسی جماعتوں، سماجی حلقوں، بلدیاتی نمائندوں، ٹریڈ یونینز اور مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی۔ شرکا میں مہمان خصوصی وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی ڈھاڈر حاجی محمد یوسف رند، تحصیل پارٹی کے ضلعی صدر ملک اسد ہنگوئی، کونسلر چاکر خان جتوئی، شاہ زور بلوچ، جمعیت علمائے اسلام کے رہنما مولانا احمد خان منجگ، پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما عاصل خان جاموٹ، ٹریڈ یونینز کے نمائندوں نور جان شان رند، عشیر خان، سلطان ہنگوئی، جمیل سیال، پروفیسر حبیب جاموٹ، سماجی رہنما ظہور جتوئی، مٹھا خان بوہڑ اور ہندو پنچایت کے نچلے کمار سمیت دیگر افراد شامل تھے۔ اس موقع پر شرکا نے اپنے اپنے علاقوں میں صحت، تعلیم اور بلدیاتی سہولیات کی عدم دستیابی، سرکاری خدمات کے معیار اور عوام کو درپیش مشکلات پر اظہار خیال کیا اور مسائل کے حل کے لیے مختلف تجاویز پیش کیں۔ شرکا نے اس بات پر زور دیا کہ عوامی خدمات کی فراہمی، شفافیت اور جوابدہی یقینی بنانے کے لیے شہریوں کی آرا کو اہمیت دینا اور متعلقہ سرکاری اداروں کی کارکردگی میں بہتری لانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

عوام کو بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے پوری رقم ادائیگی کو یقینی بنایا جائے، ڈپٹی کمشنر سیوی

سیوی (یو این اے) ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی کے خصوصی احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر سیوی ملک بہادر خان ہنگوئی نے ہرنائی پھاٹک کے قریب قائم بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) یونٹ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے مستحق خواتین کو فراہم کی جانے والی مالی امداد کی ادائیگیوں اور انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سیوی ملک بہادر خان ہنگوئی نے واضح الفاظ میں کہا کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت بیوہ، غریب اور مستحق خواتین کو ملنے والی مالی امداد میں کسی بھی قسم کی کٹوتی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ حکومت کی جانب سے مستحق خواتین کے لیے مقرر کردہ رقم ان کا حق ہے اور انہیں پوری رقم کی ادائیگی یقینی بنائی جائے کسی بھی فرنچائز، ایجنٹ یا متعلقہ اہلکار کو یہ اجازت نہیں دی جا سکتی کہ وہ غریب اور بے سہارا خواتین کی امدادی رقم سے غیر قانونی کٹوتی کرے۔

پی کے میپ کا وفاقی ملازمتوں میں پشتون اضلاع کو نظر انداز کرنے پر شدید احتجاج

ملازمین کے کوٹے، انٹرویوز اور کاغذات کی جانچ پڑتال میں امتیازی سلوک ناقابل قبول ہے

کوئٹہ (یو این اے) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں وفاقی حکومت اور اس کے ماتحت اداروں کی جانب سے بلوچستان کے پشتون اضلاع کو وفاقی ملازمتوں کے کوٹے، بھرتیوں، کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ پڑتال اور انٹرویوز کے عمل میں نظر انداز کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ یہ طرزِ عمل نہ صرف صوبے کے پشتون نوجوانوں کے ساتھ کھلی ناانصافی ہے بلکہ وفاقی ملازمتوں میں مساوی مواقع، شفافیت اور علاقائی توازن کے اصولوں کی بھی صریح خلاف ورزی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ حالیہ دنوں میں کیسکو، پاکستان ریلوے، پاکستان ٹیلی ویژن (PTV) سمیت مختلف وفاقی محکموں، اداروں کی جانب سے ہزاروں آسامیوں کے اشتہارات جاری کیے گئے۔ ان اشتہارات کی تشہیر پر قومی خزانے سے کروڑوں روپے خرچ کیے گئے، لیکن افسوس ناک امر یہ ہے کہ بلوچستان کے پشتون اضلاع سے تعلق رکھنے والے تعلیم یافتہ، قابل، باصلاحیت اور بے روزگار نوجوانوں کو مکمل طور پر ان مواقع سے محروم رکھا جا رہا ہے۔ کہیں ان کے کاغذاتِ نامزدگی کو نظر انداز کیا جا رہا ہے اور کہیں انہیں انٹرویو کے عمل سے باہر رکھا جا رہا ہے۔ مزید افسوس ناک صورتحال یہ ہے کہ بلوچستان کے بعض اضلاع کے امیدواروں کے انٹرویوز بھی گوادر اور دیگر دور دراز شہروں میں رکھے جا رہے ہیں، جو محدود وسائل رکھنے والے بے روزگار نوجوانوں کے لیے شدید مشکلات کا باعث ہیں۔ بھرتیاں بلوچستان کے کوٹے پر ہوتی ہیں تو انٹرویوز اور دیگر مراحل کے لیے مخصوص اضلاع کی بجائے تمام اضلاع میں یکساں اور قابلِ رسائی سہولیات کیوں فراہم نہیں کی جاتیں؟ وفاقی کوٹے کے تحت بلوچستان کے تمام اضلاع کو یکساں نمائندگی اور مواقع ملنے چاہئیں۔ بھرتیوں کا عمل شفاف، غیر جانب دار اور میرٹ پر مبنی ہونا چاہیے، نہ کہ چند مخصوص اضلاع تک محدود ہو۔ کسی بھی ضلع، قوم یا علاقے کو اس کے جائز حق سے محروم کرنا قومی یکجہتی، وفاقی ہم آہنگی اور مساوی شہریت کے بنیادی اصولوں کے منافی ہے۔ ماضی میں بھی جعلی ڈومیسائل کی بنیاد پر صوبے سے باہر کے لوگوں کو ہزاروں کی تعداد میں بھرتی کر کے پشتون بلوچ نوجوانوں اور صوبے کے عوام کا حقوق پر ڈاکہ ڈالا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ صوبے میں بدترین بدامنی، مہنگائی، بخت ترین بیروزگاری سے پشتون اضلاع میں پہلے ہی تجارت، کاروبار، صنعت اور روزگار کے ذرائع محدود سے محدود تر ہو چکے ہیں۔ ایسے حالات میں وفاقی ملازمتوں کے دروازے بھی پشتون نوجوانوں پر بند کرنا ان کے مستقبل سے کھیلنے کے مترادف ہے۔ ہزاروں تعلیم یافتہ نوجوان پہلے ہی بے روزگاری اور معاشی مشکلات کا شکار ہیں۔ انہیں مسلسل نظر انداز کرنا مایوسی، احساسِ محرومی اور معاشرتی بے چینی میں اضافے کا سبب بن سکتا ہے۔ اس تمام صورتحال میں وفاق اور صوبے میں موجود پشتون حلقوں سے مسلط نمائندوں، سیاسی قیادت اور متعلقہ حکومتی ذمہ داران کی خاموشی بھی انتہائی قابلِ افسوس ہے۔

مریض یا گاہک؟ طبی نظام، سرمایہ دارانہ چال اور اصل شفا کا سفر

محترم قارئین، تاریخ گواہ ہے کہ انسانی صحت کبھی خدمتِ خلق کا استعارہ تھی جہاں شفا کو عبادت سمجھا جاتا تھا اور طبیب و حکیم انسانیت کی فلاح کے لیے دن رات ایک کرتے تھے۔ ۲۵۹۱ء سے قبل کی دنیا پر اگر طائرانہ نظر ڈالی جائے تو یہ حقیقت روزِ روشن کی طرح عیاں ہو جاتی ہے کہ تب زمین کے سینے سے اگنے والی جڑی بوٹیوں، روایتی حکمت کی لاجواب ترکیبوں اور ہومیو پیتھک کے نظاست



بھرے علاج سے بیماریاں جڑ سے اکھاڑ پھینکی جاتی تھیں۔ لوگ نہ صرف ان سے شفایاب ہوتے تھے بلکہ ایک پرسکون، طویل اور صحت مند زندگی بسر کرتے تھے۔ تب علاج کاروبار نہیں بلکہ ایک مقدس فریضہ تھا جس کا مقصد انسانیت کو درد اور تکلیف سے نجات دلانا تھا۔ پھر ایک ایسا وقت آیا جب دنیا کی کایا پلٹ گئی اور طاقتور لابیوں نے صحت کو منڈی میں بیچنے کا گھناؤنا کھیل شروع کیا۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آخر ہومیو پیتھک اور دیسی طریقہ علاج کو اچانک پسِ پشت کیوں دھکیلا گیا؟ کیا یہ علاج کارگر نہیں تھے؟ ہرگز نہیں۔ اصل حقیقت یہ ہے کہ ان علاجوں میں وہ طویل المدتی اور لامتناہی منافع نہیں تھا جو سرمایہ داروں کی ہوس کو تسکین پہنچا سکتا تھا۔ روایتی علاج تو انسان کو مکمل صحت دے کر ہمیشہ کے لیے بیماری سے آزاد کر دیتا تھا، لیکن سرمایہ داری نظام کو مریض نہیں بلکہ مستقل گاہک درکار تھے۔ دوسری جنگِ عظیم کے بعد امریکہ اور مغربی دنیا میں کیمیکل اور فارماسیوٹیکل انڈسٹریز کی بنیاد رکھی گئی تو صحت کے تصور کو یکسر بدل دیا گیا۔ دوا ساز کارخانوں کے مالکان نے یہ سمجھ لیا کہ اگر مریض ایک بار دوا کھا کر ہمیشہ کے لیے ٹھیک ہو گیا تو ان کی فیکٹریاں اور کارخانے بند ہو جائیں گے۔ اس لیے ایک ایسا نظامِ ادویات تشکیل دیا گیا جو بیماری کو جڑ سے ختم کرنے کے بجائے صرف اس کی علامات کو دبا دے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ صبح، دوپہر، شام، ہر چھ گھنٹے کے بعد گولی کھانے کا لامتناہی سلسلہ شروع ہو گیا۔ دوا ختم ہو تو نئی دوا خریدو، اور اگر اس دوا کے ردِعمل سے کوئی نیا عارضہ لاحق ہو جائے تو اس کے سائیڈ ایفیکٹ کو دور کرنے کے لیے مزید دوائیاں خریدو۔ یہ علاج نہیں بلکہ ایک ایسا اقتصادی جال تھا جس نے انسان کو عمر بھر کے لیے دواؤں کا غلام بنا دیا۔ آج کے دور میں اگر گہرائی سے جائزہ لیا جائے تو یہ تلخ حقیقت ہمارے سامنے آتی ہے کہ پہلے جہاں انسان ایک مرض میں مبتلا ہوتا تھا اور ایک ہی دیسی یا ہومیو پیتھک خوراک سے تندرست ہو جاتا تھا، آج جدید ایلوپیتھک نظام کے تحت ایک مرض کا علاج کرتے ہوئے انسان کو دس مزید بیماریاں تحفے میں مل جاتی ہیں۔ کبھی دل پر اثر، کبھی معدے کی تباہی، اور کبھی اعصابی کمزوری کی صورت میں انسان دواؤں کا محتاج بن جاتا ہے۔ علاج جو کبھی گھر کے دیسی نسخوں، باورچی خانے کے مصالحوں اور دادی اماں کے ٹوٹکوں تک محدود تھا، اب بڑے بڑے پرتعیش اسپتالوں اور اربوں روپے کے منافع کمانے والی فارمیسیوں کا اکیلا پروڈکٹ بن چکا ہے۔ ہم نے اپنی حماقت اور لاپرواہی سے اس نعمت کو خود اپنے ہاتھوں سے گنوایا جو قدرت نے ہمیں جڑی بوٹیوں اور فطری عناصر کی شکل میں عطا کی تھی۔ ہم نے اپنی سستی اور فوری آرام کی چاہ میں ان روایتی طریقوں کو پرانا اور غیر سائنسی قرار دے کر خود کو کیمیکل کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا۔ اس بات سے بالکل انکار نہیں کیا جا سکتا کہ جدید ایلوپیتھک اور سرجیکل سائنس نے ہنگامی حالات، حادثات اور ایمرجنسی وارڈز میں لاکھوں اور کروڑوں انسانی جانیں بچائی ہیں، اور اس کی افادیت سے کسی بھی ذی ہوش انسان کو انکار نہیں ہونا چاہیے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کیا دائمی امراض، شوگر، بلڈ پریشر، جوڑوں کا درد اور ڈپریشن جیسی بیماریوں کا جو علاج آج دنیا کو دیا جا رہا ہے، وہ واقعی شفا ہے یا محض گاہک بنانے کی ایک منظم سازش؟ جب تک ہم گاہک بن کر جیتے رہیں گے، ہماری جیبیں بھی خالی ہوتی رہیں گی اور جسم بھی کمزور پڑتا چلا جائے گا۔ ہمیں یہ طے کرنا ہوگا کہ آیا ہم ایک بیدار مریض بن کر اپنی اصل جڑوں، فطری خوراک، دیسی علاج، حکمت اور ہومیو پیتھک کی طرف پلٹنا چاہتے ہیں یا پھر اسی مصنوعی لائف سٹائل کے ساتھ عمر بھر گولیوں کے سہارے زندہ رہنا چاہتے ہیں۔ صحت کا تعلق محض جسمانی اعضا سے نہیں بلکہ ہمارے اندرونی زاویہ فکر سے جڑا ہوا ہے۔ جیسا کہ کہا جاتا ہے کہ منزل زمین میں ہے، امن مائنڈ میں ہے، اور ٹھیک اسی طرح صحت بھی ہمارے مائنڈ اور سوچ کے اندر ہی پوشیدہ ہے۔ جب تک ہماری سوچ میں منافع خوری، خوف اور لاپرواہی رہے گی، ہم کبھی شفا نہیں پا سکتے۔ اپنی سوچ کے زاویوں کو بدلیے، فطرت کی طرف واپسی کا سفر اختیار کیجیے، کیمیکل کی اندھی تقلید کے بجائے قدرتی نظام پر بھروسہ کیجیے، اور اپنے جسم کو دواؤں کی تجربہ گاہ بنانے کے بجائے اسے سکون، اعتدال اور قدرتی غذا کا گہوارہ بنائیے تاکہ آپ ایک پُرسکون اور صحت مند زندگی گزار سکیں۔

نوٹ:۔ اس مضمون سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں۔

ژوب قمرالدین روڈ پر کام شروع کیا جائے، مظاہرین

ژوب (آن لائن) ژوب تا قمرالدین کاریز روڈ کے تعمیراتی کام کا روڈ کنسٹرکشن کمپنیوں کی جانب سے بندش کیخلاف آل پارٹیز ایکشن کمیٹی ژوب اور آل پارٹیز سماجی کمیٹی کا کڑ خراسان کا احتجاجی تحریک دوسرے روز جاری رہا اور شغالو کے مقام پر علامتی پہیہ جام ہڑتال اور احتجاجی مظاہرہ کیا گیا مظاہرین نے ژوب قمردین روڈ کو ہر قسم کے ٹریفک کیلئے بند کیا تھا عوام نے روڈ پر احتجاجی مظاہرہ کیا احتجاج میں تحصیل کا کڑ خراسان کے تمام سیاسی تنظیموں کے نمائندوں اور ورکرز نے بھرپور شرکت کی احتجاجی مظاہرین سے سیاسی تنظیموں کے نمائندوں نے اپنے خطاب میں ضلع ژوب کے نمائندوں ایم پی اے حاجی فضل قادر مندوخیل۔ گورنر شیخ جعفر خان مندوخیل ایم پی اے ڈاکٹر نواز کبزئی۔ بریگیڈیر ژوب، بریگیڈیئر ایف سی ژوب ڈپٹی کمشنر ژوب، کمشنر ژوب ڈویژن متعلقہ کنسٹرکشن کمپنیوں اور محکمہ B&R سے پُرزور مطالبہ کیا کہ ژوب قمردین روڈ کا تعمیراتی کام فی الفور شروع کیا جائے ورنہ ہمارا اگلا قدم بہت سخت ہوگا۔ تمام شرکا نے مقررین کے اعلانات پر لبیک کہا اور ہر قسم قربانی دینے کا عہد کیا۔ مظاہرہ سے تحصیل امیر جمعیت علماء اسلام مولانا عبیداللہ آل پارٹیز کا کڑ خراسان کے چیئرمین مولوی محمد اکرم نیاز صاحب۔ پشتونخوا ایپ کے اجمل خان۔ جمعیت نظریاتی کے مولوی فتح محمد مشاخان کاروان کے ملا وزیر خان ضیاالدین پی پی پی کے عبدالقیوم پی ٹی آئی کے حبیب اللہ جمعیت علماء اسلام کے مولوی سیف الرحمان نے خطاب کیا۔

پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی

پیشکشیں مطلوب ہیں

پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی

درج ذیل دفتر کو درج ذیل کاموں کے لیے بذریعہ ای پیڈز (ورژن 2.0) پاکستانی روپوں میں پیپرا رول **27(a)** کے مطابق پیشکشیں مطلوب ہیں:

EPADS No.	Description & Bid No.	Fixed Bid Security (PKR)	Bid Submission Date / Time	Bid Opening Date / Time / Place	Basis PKR (Price)
P-201582	PROCUREMENT OF UNIFORM (APS) FOR JIAP, IIAP & AIIAP (OFFICERS & STAFF) **I.T.No.HQPAA/1984/414/XXLA**	**Rs. 1,764,502/-**	30-11-2026 1100 Hours	30-11-2026 1130 Hours Log. Center (S) (Log. APS Branch)	F.O.R

تفصیلی شرائط وضوابط، تصریحات اور تقاضوں وغیرہ پر مشتمل الیکٹرانک پیشکش دستاویزات ای پاک ایکویزیشن اینڈ ڈسپوزل سسٹم ای پیڈز (ورژن 2.0) پر **https://epads.gov.pk/opportunities/federal/procurements** پر تمام دلچسپی رکھنے والے رجسٹرڈ بولی دہندگان کے لیے دستیاب ہیں۔ بولی میں شرکت کے لیے تمام بولی دہندگان کا ای پیڈز (ورژن 2.0) پر اپنی رجسٹریشن کروانا لازمی ہے۔

الیکٹرانک پیشکش دستاویزات میں درج ہدایات کے مطابق تیار کردہ الیکٹرانک پیشکشیں بذریعہ ای پیڈز (ورژن 2.0) جمع کروانا لازمی ہے۔ دستی پیشکشیں زیرِ غور نہیں لائی جائیں گی۔ جو وینڈرز حضرات ابھی تک ای پیڈز (ورژن 2.0) پر رجسٹرڈ نہیں ہیں، وہ **https://vendors.epads.gov.pk/** کے ذریعے رجسٹریشن کروا سکتے ہیں۔ رجسٹریشن کے طریقہ کار کی وضاحت کے لیے ٹیوٹوریل **https://www.youtube.com/watch?v=MNW6T38v7tc** پر دستیاب ہے۔

نوٹ: شرکت کے خواہشمند تمام نکتہ بولی دہندگان بذریعہ اطلاعی مراسلہ فوری طور پر پی اے ایم ایس کو مطلع کریں اور فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست (100% ادائیگی) کا ثبوت اور ایف بی آر سے جاری کردہ جی ایس ٹی / این ٹی این سرٹیفکیٹس درج ذیل پتے / ای میل: **azeem.sarwar@paa.gov.pk** پر جمع کروائیں۔

اصل بڈ سکیورٹی کا بنام پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی (این ٹی این نمبر **1945826**) ہونا اور درج ذیل پتے پر بڈ باکس میں حتمی تاریخ اور وقت سے قبل جمع کروانا لازمی ہے۔ بڈ سکیورٹی کی شکل (پے آرڈر / بینک گارنٹی) کا ای پیڈز پر آن لائن سبمیشن کے ساتھ منسلک کرنا بھی لازمی ہے۔

معاہدے کی پرفارمنس کا دورانیہ: معاہدے کی اطمینان بخش تکمیل اور وارنٹی مدت تک۔

پی اے ایم اے معقول وجوہات کی بنا پر کسی ایک یا تمام پیشکشوں کو قبول یا مسترد کرنے کا حق رکھتی ہے، جن سے بولی دہندگان کو ان کی درخواست پر آگاہ کیا جائے گا۔

بیا شہار پی اے ایم اے کی ویب سائٹ **www.paa.gov.pk** اور پیپرا کی ویب سائٹ **www.ppra.org.pk** پر بھی دستیاب ہے۔

خبردار: بولی دہندہ کی جانب سے جمع کرائے گئے مالیاتی شواہد اگر کسی بھی مرحلے پر جعلی یا ناقابلِ عمل پائے گئے تو بولی دہندہ کو بلیک لسٹنگ اور مروجہ قوانین کے مطابق قانونی کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

ایڈیشنل ڈائریکٹر لاجسٹکس (اے پی ایس)

لاجسٹکس سنٹر (ساؤتھ)، ہیڈکوارٹرز پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی، جے آئی اے پی، کراچی، پاکستان

فون نمبر: 021-9907-2689، فیکس: 021-9924-2784

PID K.1631/26

پشین، شکرزئی گانگلوئی کی علاقائی کانفرنس، فاروق خان اچکزئی صدر منتخب

عوامی حقوق غصب کیے جا رہے ہیں، گیس اور بجلی کی بندش نے عوام کا جینا محال کر دیا، رہنماؤں کا خطاب

پشین (یو این اے) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع پشین تحصیل حرمزئی سے مربوط شکرزئی گانگلوئی علاقائی کانفرنس تحصیل صدر عبدالمناف ایڈووکیٹ بادیزئی کی صدارت میں منعقد ہوا۔ کانفرنس میں علاقائی صدر فاروق خان اچکزئی، جنرل سیکرٹری محمد حسن آغا اور دیگر 15 ارکین معاونین کا انتخاب عمل میں لایا گیا۔ نومنتخب کابینہ سے ضلع رابطہ سیکرٹری علی محمد کلیوال نے حلف لیا۔ کانفرنس سے پارٹی کے مرکزی وصوبائی ڈپٹی سیکرٹری علاالدین کوکلوال، ضلع صدر عمر خان ترین، ضلع معاونین امین بشر، عصمت اللہ باچا، گل زمان بادیزئی، عثمان ترین، مولوی عبدالحق نے خطاب کیا۔ جبکہ صدارتی خطاب عبدالمناف ایڈووکیٹ نے کی۔ سٹیج کے فرائض یور محمد آغا نے ادا کیا۔ مقررین نے خطاب کرتے ہوئے منتخب کابینہ کو مبارکباد پیش کیا اور بجا طور پر اس امید کا اظہار کیا کہ وہ پارٹی کو بھلاتے میں منظم، فعال بنانے اور کارکنوں کی بہترین تنظیمی تربیت میں اپنا فعال کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع پشین اور علاقے کے عوام اس وقت بدترین مسائل و مشکلات سے دوچار ہیں، حلقے پر مسلط نمائندگی عوام کی خدمت کے لیے نہیں بلکہ عوامی حقوق کو غصب کرنے کے لیے ہیں۔ آج عوام بنیادی انسانی سہولیات سے محروم ہیں، گیس میسر نہیں، بجلی مکمل طور پر بند کر دی گئی ہے، پینے کے صاف پانی کے لیے کوئی نظام نہیں، روزگار، تجارت، کاروبار کے تمام مواقع چھین کر بدامنی، چوری، ڈکیتی کی وارداتوں اور منشیات کے اڈوں میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ ہمارے نوجوانوں کو سازش کے تحت تباہی کی جانب دھکیلا جا رہا ہے اور اس کی روک تھام ہم نے اپنی اجتماعی عقل سے کرنی ہوگی۔ اور پارٹی کارکنوں نے ہر علاقے میں اپنے عوام کی خدمت اور علاقے کے فلاح و بہبود کے لیے کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ 2 دسمبر کو خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی شہادت کی 53 ویں برسی کوئٹہ میں منائی جائے گی۔



پنجگور، جے یو آئی کا ضلعی و تحصیل کابینہ کا اجلاس، 19 نومبر کو احتجاجی مظاہرے کا اعلان

معدنیات کی لوٹ مار اور مولانا فضل الرحمان کے خلاف کردار کشی ناقابل قبول ہے، حافظ محمد اعظم بلوچ

پنجگور (یو این اے) جمعیت علما اسلام پنجگور کے ضلعی اور تحصیل کابینہ کا مشترکہ اجلاس ضلعی امیر حافظ محمد اعظم بلوچ کی صدارت میں مدرسہ تعلیم القرآن والسنہ مرکزی جامع مسجد پنجگان میں منعقد ہوا، جس میں جماعتی امور اور موجودہ سیاسی صورتحال پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس کے دوران ضلعی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالحلیم نے ایجنڈا پیش کیا جبکہ اجلاس میں نائب امیر مولانا علی احمد، تحصیل امیر مولانا مقبول احمد شاکر اور مولانا عبدالباسط نور سمیت دیگر اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ صوبے کے قدرتی وسائل اور معدنیات کی لوٹ مار، اور قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمان کی کردار کشی کے خلاف صوبائی کال پر 19 نومبر بروز جمعرات صبح 10 بجے پنجگان بازار میں ایک بھرپور احتجاجی مظاہرہ کیا جائے گا۔ اس مقصد کے لیے مختلف کمیٹیاں تشکیل دے دی گئی ہیں جو تمام یونٹوں کا دورہ کر کے انتظامات کو حتمی شکل دیں گی۔ اجلاس کے اختتام پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ضلعی امیر حافظ محمد اعظم بلوچ نے کہا کہ صوبے کی معدنیات اور ساحل پر غیر قانونی قبضے اور وسائل کی لوٹ مار کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہ بلوچستان کے وسائل پر پہلا حق یہاں کے عوام کا ہے، لیکن بدقسمتی سے گیس اور دیگر نعمتوں سے مالا مال یہ خطہ آج بنیادی سہولیات سے محروم ہے جبکہ عوام پانی اور روٹی کو ترس رہے ہیں۔ انہوں نے قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمان پر حکومت اور حواریوں کی جانب سے کی جانے والی کردار کشی اور چادر و چاردیواری کے تقدس کی پامالی کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور ان کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔

صوبائی وزیرِ صحت کا دورہ لسبیلہ کے موقع پر کئے گئے علانات پر عملدرآمد کا آغاز

عوام کو صحت کی معیاری اور جدید سہولیات کی فراہمی ناگزیر ہے

اوتھل (نمائندہ) وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کے وژن صوبائی وزیرِ صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ کے



میں ہی میسر آسکے گی ضلعی ناظم صحت ڈاکٹر عبدالحمید بلوچ کا کہنا تھا کہ ایک صحت مند معاشرے کی تشکیل کے لیے عوام کو صحت کی معیاری اور جدید سہولیات کی فراہمی ناگزیر ہے، اور اس بنیادی حق پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا ڈائیلیسز یونٹ کے قیام سے مریضوں کو علاج کے لیے دوسرے بڑے شہروں کا رخ کرنے کی زحمت سے نجات بنیادی سہولیات کی دہلیز پر فراہمی ممکن ہوگئی ہے۔ اطلاعات کی روشنی میں عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کا عملی آغاز کر دیا گیا ہے جس کے تحت ڈویژنل ہیڈکوارٹر ہسپتال لسبیلہ میں جدید ڈائیلیسز یونٹ کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا بیاس اقدام سے گردوں کے امراض میں مبتلا مقامی مریضوں کو علاج معالجے کی بہترین سہولت اب ان کے اپنے علاقے کے لیے عوام کو صحت کی معیاری اور جدید سہولیات کی فراہمی کا عملی آغاز کر دیا گیا ہے جس کے تحت ڈویژنل ہیڈکوارٹر ہسپتال لسبیلہ میں جدید ڈائیلیسز یونٹ کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا بیاس اقدام سے گردوں کے امراض میں مبتلا مقامی مریضوں کو علاج معالجے کی بہترین سہولت اب ان کے اپنے علاقے

لورالائی زیتون کی عالمی پہچان بن گیا، بلوچستان میں سبز انقلاب کی بنیاد، عالمی اعزازات نے مقامی زراعت کو نئی شناخت دے دی



تحریر: محمود بلوچ محکمہ اطلاعات

ضلع لورالائی زیتون کی کاشت کے لیے قدرتی نعمت، بلوچستان کا مستقبل کا اولیو حب ضلع لورالائی بلوچستان کے ان خوش قسمت علاقوں میں شمار ہوتا ہے جہاں قدرتی جغرافیائی حالات، موسمیاتی خصوصیات، زمین کی ساخت اور ماحول زیتون کی کاشت کے لیے غیر معمولی اہمیت رکھتے ہیں۔ یہاں کے پہاڑی دامن، میدانی علاقے، موزوں درجہ حرارت اور قدرتی ماحول زیتون کے درختوں کی افزائش اور بہتر پیداوار کے لیے سازگار ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ گزشتہ کئی برسوں سے لورالائی میں زیتون کی شجرکاری کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں اور یہ ضلع بلوچستان میں زیتون کی کاشت کے ایک بڑے مرکز کے طور پر اپنی شناخت قائم کر رہا ہے۔ لورالائی کی اہمیت صرف زیتون کے درخت لگانے تک محدود نہیں بلکہ یہاں زیتون کی مکمل رہنمائی کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ زیتون ایک طویل المدت اور قیمتی پھل دار درخت ہے، جس کی پیداوار سے زمیندار کئی دہائیوں تک معاشی فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کی کاشت سے نہ صرف زیتون کا تیل تیار کیا جا سکتا ہے بلکہ اچار، دیگر غذائی مصنوعات اور ویلیو ایڈیشن کے ذریعے بھی نئی



زرعی صنعت کے فروغ کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ زیتون کی کاشت سے بنجر اور غیر آباد زمینوں کو قابلِ استعمال بنانے، زرعی رقبے میں اضافے، زمین کے بہتر استعمال اور کسانوں کے لیے آمدن کے مستقل ذرائع پیدا کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ خصوصاً ایسے علاقوں میں جہاں روایتی فصلوں کی کاشت پانی کی کمی اور موسمی حالات کے باعث مشکل ہوتی ہے، وہاں موزوں اقسام کے زیتون کے درخت ایک اہم متبادل ثابت ہو سکتے ہیں۔ تاہم بہتر نتائج کے لیے مقامی زمین اور پانی کے تجزیے، مناسب اقسام کے انتخاب اور جدید زرعی



طریقوں کو بنیادی اہمیت حاصل ہے زیتون ایک طویل المدت اور قیمتی پھل دار درخت ہے، جس کی پیداوار سے زمیندار کئی دہائیوں تک معاشی فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کی کاشت سے نہ صرف زیتون کا تیل تیار کیا جا سکتا ہے بلکہ اچار، دیگر غذائی مصنوعات اور ویلیو ایڈیشن کے ذریعے بھی نئی مارکیٹ تک براہِ راست رسائی فراہم کی جائے۔ زیتون کا سبز انقلاب، کسانوں کی خوشحالی اور بلوچستان کی مضبوط معیشت زیتون کی کاشت ب

دنیا کے نقشے پر پاکستان کی بڑھتی ہوئی اہمیت

عالمی سیاست کے منظرنامے پر ایک وقت ایسا بھی تھا جب پاکستان کا ذکر زیادہ تر اندرونی مسائل، معاشی دباؤ اور سیاسی عدم استحکام کے تناظر میں ہوتا تھا لیکن آج صورتحال بدلی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) کے رکن ممالک کے وزرائے خارجہ کونسل کا تیسواں اجلاس جاری ہے اور انہی دنوں میں اردن کے راکل اسلامک سٹریٹیجک سینٹر نے مسلم دنیا کی پانچ سو بااثر شخصیات کی فہرست جاری کی ہے جس میں وزیراعظم محمد شہباز شریف اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو مشترکہ طور پر پہلی پوزیشن دی گئی ہے۔ بظاہر یہ دو الگ خبریں ہیں مگر باریک بینی سے دیکھا جائے تو دونوں ایک ہی حقیقت کی نشاندہی کرتی ہیں اور وہ یہ کہ پاکستان عالمی اور علاقائی سطح پر ایک بار پھر مرکزی کردار کی طرف بڑھ رہا ہے۔ ای سی او کے متحدہ کن ممالک کے وزرائے خارجہ، وفود کے سربراہان، ای سی او سیکرٹریٹ اور ذیلی اداروں کے نمائندے شریک ہیں۔ اجلاس سے پہلے سیکرٹری خارجہ عاصم افتخار احمد کی صدارت میں سینئر حکام کی نشست ہوئی جس میں تنظیم کی سرگرمیوں، پروگراموں اور ذیلی اداروں کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ دوسرے روز ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی کی خصوصی شرکت متوقع ہے۔ اتنے ممالک کا ایک ساتھ اسلام آباد کا رخ کرنا اس اعتماد کا اظہار ہے جو خطے کے ممالک پاکستان کی میزبانی اور سفارتی صلاحیت پر رکھتے ہیں۔ ای سی او اجلاس میں جس سب سے اہم معاملے کی منظوری کا امکان ہے وہ علاقائی تجارت و تعاون کے فروغ کے لیے اقتصادی تعاون کے تزویراتی اہداف 2035ء ہیں۔ یہ آنے والی دہائی کے لیے ایک رہنما خاکہ ہے۔ جب رکن ممالک ایک دوسرے کے ساتھ تجارتی رکاوٹیں کم کرنے، ٹرانزٹ اور راہداریوں کے نظام کو بہتر بنانے اور مشترکہ معاشی مفادات کو آگے بڑھانے پر متفق ہوتے ہیں تو اس کا فائدہ بالآخر ان کے عوام تک پہنچتا ہے۔ ادھر، مسلم دنیا کی پانچ سو بااثر شخصیات کی فہرست میں وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کو مشترکہ طور پر پہلی پوزیشن ملنا بھی اسی عمل کا ایک پہلو ہے۔ ایسی فہرستوں کو کسی ملک کی پالیسی کا حتمی فیصلہ نہیں سمجھا جانا چاہیے اور ہر ادارے کے اپنے معیارات اور اپنا نقطہ نظر ہوتا ہے۔ اس کے باوجود یہ حقیقت اپنی جگہ اہم ہے کہ ایک بین الاقوامی تحقیقی مرکز نے پاکستان کی سیاسی اور عسکری قیادت کو مسلم دنیا میں سرفہرست قرار دیا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے حوالے سے فہرست میں بھارتی جارحیت کے خلاف معرکۂ حق کے دوران موثر فوجی حکمت عملی، مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے میں کلیدی کردار اور امریکا و ایران کے درمیان ثالثی کی راہ ہموار کرنے کو نمایاں کیا گیا ہے۔ پاکستان کی دفاعی صلاحیت ہمیشہ اس کے عالمی مقام کا ایک بنیادی ستون رہی ہے۔ ایک جوہری طاقت اور دنیا کی بڑی فوجوں میں شمار ہونے والے ملک کو نظرانداز کرنا کسی کے لیے ممکن نہیں مگر اصل بات یہ ہے کہ یہ صلاحیت اب صرف دفاع تک محدود نہیں رہی بلکہ سفارتی کردار کے ساتھ جڑ کر ایک وسیع تر اثر و رسوخ کی شکل اختیار کر رہی ہے۔ اسلام آباد میں ای سی او کا اجلاس اور مسلم دنیا کی بااثر شخصیات کی فہرست میں پاکستانی قیادت کی نمایاں جگہ، دونوں خوش آئند ہیں اور ان کی بین الاقوامی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے لیکن ان کامیابیوں کو منزل نہیں بلکہ سنگِ میل سمجھنا چاہیے۔ قومیں اس وقت آگے بڑھتی ہیں جب وہ ملنے والی قبولیت کو ذمہ داری میں بدل دیتی ہیں اور اپنی کامیابیوں کو عوام کی فلاح سے جوڑ دیتی ہیں۔ پاکستان کے عوام نے مشکل حالات میں بھی حوصلہ نہیں ہارا اور آج جب عالمی سطح پر ان کے ملک کا ذکر مثبت انداز میں ہو رہا ہے تو ان کے صبر اور استقامت کا بھی اعتراف ہے۔ پاکستان کے سامنے ایک تاریخی موقع ہے۔ علاقائی تعاون، دفاعی شراکت داری، سفارتی توازن اور معاشی بحالی کے جو دھاگے آج ایک دوسرے سے جڑتے نظر آ رہے ہیں انہیں مضبوط ادارہ جاتی بنیاد، قیادت اور قوم دونوں کی ذمہ داری ہے۔ اگر یہ سفر سنجیدگی، تسلسل اور دوراندیشی کے ساتھ جاری رہا تو وہ دن دور نہیں جب پاکستان محض خطے کا اہم ملک نہیں بلکہ عالمی فیصلہ سازی کے عمل میں ایک موثر اور معتبر آواز بن کر ابھرے گا۔

میر بابر مشتاق

دنیا کی 500 بااثر ترین مسلم شخصیات کی سالانہ اشاعت The Muslim 500 2027 میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کی پانچ سرکردہ شخصیات کو مشترکہ طور پر پہلی پوزیشن دیے جانے کی خبر نے مسلم دنیا میں خاصی توجہ حاصل کی ہے۔ اردن کے دارالحکومت عمان میں قائم رائل اسلامک سٹریٹیجک اسٹڈیز سینٹر (RISSC) کی اس اشاعت میں سعودی فرمانروا شاہ سلمان بن عبدالعزیز، ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان، پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف، چیف آف ڈیفنس فورسز و آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور ترک صدر رجب طیب اردوان کو مشترکہ طور پر پہلے نمبر پر رکھا گیا ہے۔ اس فیصلے کو پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے اور مسلم دنیا میں پاکستان کے بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ کے تناظر میں اہم قرار دیا گیا ہے۔ اس عالمی فہرست میں پاکستان کے لیے ایک اور قابل توجہ پہلو جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن کی شمولیت ہے۔

راکل اسلامک اسٹریٹیجک اسٹڈیز سینٹر نے حافظ نعیم الرحمٰن کے تعارف میں انہیں جماعت اسلامی پاکستان کا چھٹا امیر قرار دیا ہے۔ وہ اپریل 2024 میں اس منصب پر منتخب ہوئے اور انہوں نے سراج الحق کی جگہ جماعت کی قیادت سنبھالی۔ انہوں نے این ای ڈی یونیورسٹی سے سول انجینئرنگ کی ڈگری حاصل کی، جبکہ جامعہ کراچی سے اسلامی تاریخ میں ماسٹرز کیا۔ ان کی سیاسی و تنظیمی تربیت اسلامی جمعیت طلبہ میں ہوئی۔ 1990 کی دہائی میں طلبہ سیاست سے وابستگی کے بعد 2000 میں جماعت اسلامی میں شامل ہوئے اور 2013 سے 2024 تک جماعت اسلامی کراچی کے امیر کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔ ان کے عالمی تعارف میں کراچی کے شہری مسائل، شہری انفراسٹرکچر کے تحفظ اور کے الیکٹرک کے خلاف جدوجہد کو نمایاں کیا گیا ہے۔ یہ محض کسی سیاسی راہنما کی سوانح کا حصہ نہیں، بلکہ اس حقیقت کی نشاندہی بھی ہے کہ پاکستان کے سب سے بڑے شہر میں شہری حقوق کی سیاست نے ایک خصوصی شناخت حاصل کی ہے۔ کراچی پاکستان کا معاشی مرکز اور لاکھوں افراد کے روزگار کا وسیلہ ہے، لیکن پانی، بجلی، ٹرانسپورٹ، لوٹی سڑکیں، بلدیاتی اختیارات اور بنیادی شہری سہولتوں کی عدم دستیابی نے اس شہری زندگی کو مشکل بنا رکھا ہے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے جماعت اسلامی کراچی کی قیادت کرتے ہوئے ان مسائل کو مسلسل اجاگر کیا۔ کے الیکٹرک کے خلاف احتجاج، بجلی کے بھاری بلوں پر آواز اٹھانا، بلدیاتی اختیارات کے لیے جدوجہد اور شہری حقوق کی تحریک ان کی سیاست کے نمایاں عنوانات رہے ہیں۔ ان کی سیاسی حکمت عملی کا ایک اہم پہلو یہ بھی رہا کہ کراچی کو محض لسانی اور روایتی سیاسی تقسیم کے تناظر میں دیکھنے کے بجائے شہری حقوق کی بنیاد پر عوام کو متحد کرنے کی کوشش کی گئی۔ دھرنے، احتجاجی تحریکیں اور عوامی رابطے اسی جدوجہد کا حصہ رہیں۔ تاہم سیاسی قیادت کا اصل امتحان صرف احتجاج منظم کرنے یا عوامی اجتماعات منعقد کرنے میں نہیں، بلکہ ان مسائل کا قابل عمل حل پیش کرنے اور اپنے مطالبات کو عملی نتائج میں تبدیل کرنے میں ہوتا ہے۔ یہی وہ میدان ہے جہاں حافظ نعیم الرحمٰن اور جماعت اسلامی کی کارکردگی کو مسلسل پرکھا جاتا رہے گا۔ ان کی قیادت میں جماعت اسلامی کی سرگرمیوں کا ایک اہم پہلو نوجوانوں کی تعلیم اور فنی تربیت بھی ہے۔ نوجوانل پروگرام اس کی نمایاں مثال ہے، جس کے ذریعے نوجوانوں کو انفارمیشن ٹیکنالوجی، کمپیوٹر اور جدید ڈیجیٹل مہارتوں کی تربیت فراہم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ پاکستان کی آبادی میں نوجوانوں کا بڑا حصہ شامل ہے، مگر بے روزگاری اور محدود معاشی مواقع ان کے لیے سنگین چیلنج ہیں۔ ایسے حالات میں نوجوانوں کو ہنرمند بنا کر روزگار کے قابل کرنا محض ایک تعلیمی سرگرمی نہیں بلکہ قومی ضرورت ہے۔ اسی طرح الخدمت فاؤنڈیشن کی تعلیمی، طبی اور فلاحی سرگرمیاں بھی جماعت اسلامی کے سماجی تشخص کا اہم حصہ ہیں۔ مستحق خاندانوں کی مدد، یتیم بچوں کی کفالت، طبی سہولتوں کی فراہمی اور قدرتی آفات کے متاثرین کی بحالی جیسے کام اس تصور کی نمائندگی کرتے ہیں کہ سیاست کا مقصد صرف اقتدار کا حصول نہیں بلکہ انسانی زندگی میں آسانی پیدا کرنا بھی ہونا چاہیے۔ البتہ ان منصوبوں کی کامیابی کا حقیقی پیمانہ ان کے نتائج، معیار اور مستفید ہونے والے افراد کی تعداد ہے۔ یہاں یہ سوال بھی اہم ہے کہ عالمی ادارہ کسی شخصیت کو بااثر قرار دینے کے لیے کن پیمانوں کو سامنے رکھتا ہے؟ رائل اسلامک اسٹریٹیجک اسٹڈیز سینٹر کے مطابق اردو رسوخ میں سیاسی، ابلاغی، نظریاتی، معاشی، ثقافتی اور سماجی اثرات شامل ہوتے ہیں۔ اس فہرست میں شمولیت لازماً کسی شخصیت کے تمام نظریات یا طرزِ عمل کی توثیق نہیں، بلکہ مسلم دنیا اور مسلمانوں کی زندگیوں پر اس کے اثرات کا اعتراف ہے۔ اس اعتبار سے حافظ نعیم الرحمٰن کی شمولیت کو ان کی سیاسی اور سماجی سرگرمیوں کی عالمی سطح پر شناخت کے طور پر دیکھنا زیادہ مناسب ہے۔

شینزین میں عالمی کاروباری رہنماؤں کا بڑا اجتماع

تحریر: حسن بٹ

دنیا کی توجہ اس وقت چین کے تاخولی شہر شینزین پر مرکوز ہے جہاں ایشیا پیسفک اقتصادی تعاون یعنی اے پی ای سی کا سی ای او سمٹ 2026 منعقد ہو رہا ہے۔ یہ سمٹ 17 سے 18 نومبر کو شینزین کے چیمپان بائی انٹرنیشنل کنونشن سینٹر میں ہوگا، جس کی تمام تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ اس سمٹ کا موضوع ہے مشترکہ خوشحالی کو فروغ دیں، مشترکہ جیت والا مستقبل بنائیں یہ موضوع صرف ایک نعرہ نہیں بلکہ ایشیا پیسفک خطے کے مستقبل کے لئے ایک واضح وژن ہے، جس میں تجارت، سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت اور عوام سے عوام کے رابطوں کو ایک نئی سمت دینے کا عزم شامل ہے۔ سمٹ اس لحاظ سے بھی تاریخی اہمیت کا حامل ہے کہ اس بار 30 سالہ تاریخ میں پہلی مرتبہ بنانچ کی دستاویز اعلامیے کی شکل میں جاری کی جائے گی، جسے 2026ء اے پی ای سی کاروباری رہنماؤں کے سمٹ شینزین اعلامیہ کا نام دیا گیا ہے۔ یہ اعلامیہ صرف ایک رسمی بیان نہیں ہوگا بلکہ ایک قابل عمل، قابل پیروی اور اتفاق رائے پر مبنی فریم ورک ہوگا جو آنے والے برسوں میں ایشیا پیسفک کے کاروباری تعاون کی رہنمائی کرے گا۔ اس سمٹ میں چین کے صدر شی چن پنگ سمیت اے پی ای سی کی 12 معیشتوں کے رہنما شرکت کریں گے۔ ان میں آسٹریلیا، کینیڈا، چلی، چین کے ہانگ کانگ، انڈونیشیا، جمہوریہ کوریا، ملائیشیا، میکسیکو، روس، فلپائن لیڈر اور ویتنام کے رہنما شامل ہیں۔ یہ رہنما سمٹ میں تقاریر کریں گے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے اور مختلف مباحثوں میں حصہ لیں گے۔ رہنماؤں کی اتنی بڑی تعداد میں شرکت اس بات کا ثبوت ہے کہ اے پی ای سی آج بھی دنیا کا سب سے اہم اقتصادی فورم ہے۔ ایشیا پیسفک خطہ دنیا کی آبادی کا تقریباً 40 فیصد اور عالمی جی ڈی پی کا 60 فیصد سے زیادہ حصہ رکھتا ہے۔ اس لئے یہاں ہونے والے فیصلے پوری دنیا کی معیشت پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ شینزین میں ہونے والی ملاقاتیں نہ صرف خطے بلکہ پوری دنیا کے لئے نئی راہیں کھولیں گی۔ سمٹ میں حکومت، کاروبار اور میڈیا سے تعلق رکھنے والے 2,000 سے زائد افراد شرکت کریں گے شرکا 121 اے پی ای سی رہنماؤں کے سمٹ شینزین اعلامیہ کا جائزہ لیا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ سمٹ کی 30 سالہ تاریخ میں پہلی بار ہے کہ بنانچ کی دستاویز اعلامیے کی شکل میں جاری کی جائے گی۔ انہوں نے وضاحت کی کہ یہ اعلامیہ کاروباری برادری کی بنیادی تجاویز کو منظم انداز میں شامل اور یکجا کرے گا، اقتصادی رہنماؤں کے اجلاس کو پالیسی سفارشات پیش کرے گا اور مستقبل میں ایشیا پیسفک کاروباری تعاون کے لئے اتفاق رائے پر مبنی فریم ورک فراہم کرے گا۔ یہ ایک قابل عمل اور قابل پیروی مشترکہ ایکشن فریم ورک ہوگا، جس سے یہ یقینی بنایا جائے گا کہ سمٹ میں ہونے والی باتیں صرف کاغذ تک محدود نہ رہیں بلکہ عملی اقدامات میں تبدیل ہوں۔ یہ اعلامیہ دراصل کاروباری برادری کی آواز کو رہنماؤں تک پہنچانے کا ایک مضبوط ذریعہ ہوگا۔ عام طور پر سمٹ میں تقاریر ہوتی ہیں اور پھر سب اپنے اپنے گھر واپس چلے جاتے ہیں۔ لیکن اس بار ایک تحریری، حتمی اور ٹریک کئے جانے والے اعلامیے کے ذریعے اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ جو وعدے کیے گئے ہیں ان پر عمل بھی ہو۔ شینزین کا انتخاب بھی بہت معنی خیز ہے۔ شینزین کو چین کی اصلاحات اور کھلی پالیسی کا گھر کی اور علامت سمجھا جاتا ہے۔

40 سال پہلے یہ ایک چھوٹا سا ماہی گیروں کا گاؤں تھا آج یہ دنیا کے سب سے بڑے ٹیکنالوجی اور اختراعی مراکز میں سے ایک ہے۔ ہواوے، ٹینسنٹ، ڈی جے آئی جیسی عالمی کمپنیوں کا گھر شینزین ہے۔ یہ شہر اس بات کی زندہ مثال ہے کہ کھلے پن، اختراع اور محنت سے کس طرح ترقی کی جا سکتی ہے۔ چیمپان بائی انٹرنیشنل کنونشن سینٹر میں اس سمٹ کا انعقاد شینزین کو دنیا کے سامنے مزید نمایاں کرے گا اور گریٹر بے ایریا کی ترقی کو بھی نئی رفتار دے گا۔ گریٹر بے ایریا جس میں ہانگ کانگ، مکاؤ، گوانگ ڈونگ اور شینزین شامل ہیں، آج دنیا کے سب سے متحرک اقتصادی علاقوں میں شمار ہوتا ہے۔ آج دنیا کو کئی چیلنجز کا سامنا ہے تجارتی تحفظ پسندی بڑھ رہی ہے جیوپولیٹیکل کشیدگی ہے موسمیاتی تبدیلی کا خطرہ ہے اور عالمی ترقی کی رفتار سست ہو رہی ہے۔ ایسے وقت میں شینزین میں ہونے والا یہ سمٹ ایک مثبت پیغام دے رہا ہے کہ تعاون ہی ترقی کا راستہ ہے۔ ماہرین کے مطابق یہ سمٹ ایشیا پیسفک خطے میں تجارت، سرمایہ کاری، مصنوعی ذہانت اور ہائی ٹیکنالوجی کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ اس سے نہ صرف بڑی کمپنیوں کو فائدہ ہوگا بلکہ چھوٹے کاروباروں، نوجوانوں، خواتین کاروباریوں اور اسٹارٹ اپس کے لیے بھی نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ یہ سمٹ اس بات پر بھی زور دے گا کہ ترقی جامع ہونی چاہیے۔ یعنی ترقی کا فائدہ صرف چند امیر ممالک یا بڑی کمپنیوں کو نہیں بلکہ سب کو ملنا چاہیے۔ انکلیشن معیشت میں سب کی شمولیت، گرین ترقی اور پائیدار ترقی اسی جامع وژن کا حصہ ہیں۔ اگر چہ پاکستان اے پی ای سی کا ممبر نہیں ہے لیکن اس سمٹ کے فیصلے پاکستان سمیت پورے ایشیا کے لئے اہم ہیں۔ ایشیا پیسفک میں تجارت اور راہداریوں میں بہتری سے پورے ایشیا کی سپلائی چین بہتر ہوگی۔ چین پاکستان اقتصادی راہداری اور بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو کے لیے پاکستان پہلے ہی اس علاقائی رابطے کا حصہ ہے۔ شینزین سمٹ میں مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل تجارت پر ہونے والی بات چیت پاکستان کے نوجوانوں اور ٹیکنالوجی سیکٹر کے لئے بھی نئے دروازے کھول سکتی ہے۔ اے پی ای سی سی ای او سمٹ 2026 صرف ایک دو روزہ اجلاس نہیں بلکہ مستقبل کے لیے ایک روڈ میپ ہے۔ اس کا موضوع مشترکہ خوشحالی کو فروغ دیں مشترکہ جیت والا مستقبل بنائیں اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ دنیا اب اکیلے آگے نہیں بڑھ سکتی۔ سب کو مل کر چلنا ہوگا۔ شینزین اعلامیہ اس عزم کو تحریری شکل دے گا۔

کبھی سموگ بھی سرحدوں کا محتاج ہوا ہے؟

تابندہ خالد

بھارتی وزیراعلیٰ بھگونت سنگھ مان کا ویڈیو کلپ دوبارہ وائرل ہو رہا ہے، جس میں وہ مشکوک خیز وضاحت دیتے ہوئے نظر آئے کہ پاکستان کی وزیراعلیٰ کی جانب سے یہ کہا گیا کہ وہ مجھے چٹھی لکھیں گی کہ آپکا دھواں ادھر آ رہا ہے۔ دلی والے کہتے ہیں کہ آپکا دھواں ہماری طرف آتا ہے۔ پھر تعجب سے کہا کہ "سانوں دھواں گیڑے لی دتی جاندائے"

قارئین فضا میں پھیلنے والا دھواں کسی ملک کا پاسپورٹ نہیں دیکھتا۔ ہواؤں کو سرحدی پابندیوں کا علم نہیں ہوتا اور آلودگی کے ذرات کسی سیاسی نقشے کے مطابق اپنا راستہ تبدیل نہیں کرتے۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان سیاسی، سفارتی اور سرحدی تنازعات کے باوجود ماحولیاتی مسائل دونوں ممالک کو یکساں طور پر اپنی لپیٹ میں لے رہے ہیں۔ لاہور ہو یا دلی، اکتوبر اور نومبر میں فضائی معیار کا تیزی سے خراب ہونا اب ایک معمول بن چکا ہے۔ اسکول بند کرنے پڑتے ہیں، اسپتالوں میں سانس کے مریضوں کی تعداد بڑھ جاتی ہے اور شہری صاف آسمان کی یاد میں ٹھنڈی آہیں بھرتے ہیں۔ یہ منظر دونوں طرف اتنا مشترک ہے کہ اسے کسی ایک ملک کا مسئلہ کہنا حقیقت سے آنکھ چرانے کے مترادف ہوگا۔

سموگ کی بنیادی وجوہات پر نظر ڈالیں تو تصویر اور واضح ہو جاتی ہے۔ گاڑیوں کا دھواں، صنعتی اخراج، تعمیراتی گرد اور فصلوں کی باقیات کا جلایا جانا وہ عوامل ہیں جو ہوا کے معیار کو تیزی سے تباہ کرتے ہیں۔ ان میں سے کئی عوامل سرحد کے دونوں جانب یکساں نوعیت کے ہیں۔ پنجاب اور ہریانہ میں کسان جب دھان کی فصل کاٹنے کے بعد باقیات کو آگ لگاتے ہیں تو اس کا اثر صرف کھیت تک محدود نہیں رہتا بلکہ یہ دھواں ہوا کے رخ کے ساتھ سینکڑوں کلومیٹر دور تک پھیل جاتا ہے۔ یہی دھواں جب دلی، امرتسر یا لاہور پہنچتا ہے تو مقامی آلودگی کے ساتھ مل کر ایک خطرناک مرکب بن جاتا ہے۔ یہ مرکب آنکھوں میں جلن، سانس کی تکلیف اور دل کے امراض کا سبب بنتا ہے۔ بچے، بزرگ اور پہلے سے بیمار افراد اس کے سب سے بڑے شکار ہوتے ہیں۔ یہ کہنا کہ یہ مسئلہ صرف ایک ملک کا ہے، حقیقت کو جھٹلانے کے برابر ہے۔

پاکستان کی سمت سے آنے والی ہواؤں اور سرحدی علاقوں میں فصلوں کی باقیات جلانے کو شمالی بھارت بالخصوص نئی دلی کی آلودگی سے جوڑتے رہے ہیں۔ گویا دونوں جانب سے ایک دوسرے کے خلاف الزامات موجود ہیں، لیکن اصل سوال اپنی جگہ برقرار ہے کہ آخر اس زہریلی فضا سے شہریوں کو نجات کیسے ملے گی؟ تاہم کیا سموگ کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ اسے محض فصلوں کی باقیات جلانے کا نتیجہ نہ سمجھا جائے۔ فضائی آلودگی ایک پیچیدہ ماحولیاتی مسئلہ ہے جس میں صنعتی دھواں، گاڑیوں سے خارج ہونے والی زہریلی گیس، اینٹوں کے بھٹے، تعمیراتی سرگرمیاں، کوڑا کرکٹ جلانا اور زرعی باقیات سب شامل ہیں۔ ہر علاقے میں ان عوامل کا تناسب مختلف ہو سکتا ہے، مگر مجموعی اثر سب کا مشترکہ ہوتا ہے۔ اسی لیے کسی ایک ذریعے کو ذمہ دار ٹھہرا کر باقی سب کو بری الذمہ قرار دینا درست نہیں۔

بھارتی حکام اور میڈیا کے ایک حصے میں اکثر یہ بیانیہ سامنے آتا ہے کہ پاکستان کی سمت سے آنے والی ہوائیں بھارت کی فضا کو آلودہ کر رہی ہیں۔ اس بیانیے کی سیاسی وجوہات بھی ہیں، مگر ماحولیاتی سائنس اس کی حمایت نہیں کرتی۔ ہوا کے بہاؤ کے نمونے بتاتے ہیں کہ سردیوں میں ہوا کی رفتار کم ہونے اور درجہ حرارت کی الٹی تہہ بندی (Temperature Inversion) کے باعث آلودگی کے ذرات فضا کی نچلی سطح پر جمع ہونے لگتے ہیں۔ یوں آلودگی کا مصنوعی تناسب بھی خطرناک صورت اختیار کر سکتا ہے جہاں ایک ہمسایہ ملک کی ذمہ داریوں کا جائزہ لینا ہے۔ کسی دوسرے ملک کی طرف انگلی اٹھانے سے اپنے شہریوں کی فضا صاف نہیں ہو سکتی۔ اگر لاہور کی سڑکوں پر دھواں چھوڑتی گاڑیاں چلتی رہیں، صنعتی یونٹس ماحولیاتی ضوابط کی خلاف ورزی کرتے رہیں اور کوڑا کرکٹ جلانے کا سلسلہ جاری رہے تو صرف بھارت کو ذمہ دار قرار دینے سے مسئلہ حل نہیں ہوگا۔ (جاری ہے)

عرب تیل سے ترک گیس تک: تاریخ کا سبق

افتخار گیلانی

ازبکستان کے آواز بیک عبدالخالیف نے مصنوعی ذہانت سے چلنے والے ایک ایسے کاروباری پلیٹ فارم کی تجویز پیش کی جو مختلف ممالک کی کمپنیوں کو ٹیکنالوجی کی مشترکہ پیداوار میں مدد دے سکے۔ ان کے مطابق ترک ریاستیں عالمی معیشت میں صرف خام مال فراہم کرنے والے ممالک نہیں رہنا چاہتیں، بلکہ وہ تحقیق، صنعت اور ٹیکنالوجی کی پیداوار میں بھی حصہ حاصل کرنا چاہتی ہیں۔ ازبکستان کے وزیر برائے دفاع نے ترکیہ کا دورہ کیا، جو ترک دفاعی صلاحیتوں اور تکنہ تکنیکی تعاون میں نوکیو کی بڑھتی ہوئی دلچسپی کا اظہار ہے۔ مورپاسو کے مطابق جاپان کی بارک اور انجائی درست انجیسٹرنگ، الیکٹرونکس اور جدید صنعتی پیداوار کی مہارت ترکیہ کی قومی ڈرون ٹیکنالوجی اور دفاعی کاروائیوں کی صلاحیت کے ساتھ مل کر نئے امکانات پیدا کر سکتی ہے۔

ایشیا گ فورم میں جاپانی دانشور کینن مورپاسو نے کہا کہ ترک دنیا کا زیادہ مضبوط ہوتا ایشیا میں طاقت کے توازن کو برقرار رکھنے میں مدد دے سکتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ دو برسوں میں جاپان کے دو وزرائے دفاع نے ترکیہ کا دورہ کیا، جو ترک دفاعی صلاحیتوں اور تکنہ تکنیکی تعاون میں توکیو کی بڑھتی ہوئی دلچسپی کا اظہار ہے۔ مورپاسو کے مطابق جاپان کی بارک اور انجائی درست انجیسٹرنگ، الیکٹرونکس اور جدید صنعتی پیداوار کی مہارت ترکیہ کی قومی ڈرون ٹیکنالوجی اور دفاعی کاروائیوں کی صلاحیت کے ساتھ مل کر نئے امکانات پیدا کر سکتی ہے۔

ازبکستان کے آواز بیک عبدالخالیف نے مصنوعی ذہانت سے چلنے والے ایک ایسے کاروباری پلیٹ فارم کی تجویز پیش کی جو مختلف ممالک کی کمپنیوں کو ٹیکنالوجی کی مشترکہ پیداوار میں مدد دے سکے۔ ان کے مطابق ترک ریاستیں عالمی معیشت میں صرف خام مال فراہم کرنے والے ممالک نہیں رہنا چاہتیں، بلکہ وہ تحقیق، صنعت اور ٹیکنالوجی کی پیداوار میں بھی حصہ حاصل کرنا چاہتی ہیں۔ ازبکستان کے وزیر برائے دفاع نے ترکیہ کا دورہ کیا، جو ترک دفاعی صلاحیتوں اور تکنہ تکنیکی تعاون میں نوکیو کی بڑھتی ہوئی دلچسپی کا اظہار ہے۔ مورپاسو کے مطابق جاپان کی بارک اور انجائی درست انجیسٹرنگ، الیکٹرونکس اور جدید صنعتی پیداوار کی مہارت ترکیہ کی قومی ڈرون ٹیکنالوجی اور دفاعی کاروائیوں کی صلاحیت کے ساتھ مل کر نئے امکانات پیدا کر سکتی ہے۔

ٹیکنالوجی کی پیداوار میں بھی اپنا کردار ادا کرے۔ آخر میں اجلاس اختتام کو پہنچا تو بلند عزائم اور عملی مشکلات کے درمیان فرق نمایاں تھا۔ عظیم ترک ریاستیں اب ایک وسیع ادارہ جاتی ڈھانچہ رکھتی ہے۔ اس کا معاشی ایجنڈا کھل رہا ہے اور اس کا تفرقہ انگیز خطے میں تعاون کا دروازہ ہے۔ مورپاسو کے مطابق جاپان کی بارک اور انجائی درست انجیسٹرنگ، الیکٹرونکس اور جدید صنعتی پیداوار کی مہارت ترکیہ کی قومی ڈرون ٹیکنالوجی اور دفاعی کاروائیوں کی صلاحیت کے ساتھ مل کر نئے امکانات پیدا کر سکتی ہے۔

سیاست میں مصالحت کی شمع امید

مطلوب احمد وڑائچ

مشاہدے، مختلف سربراہان مملکت اور سیاسی راہنماؤں سے ملاقاتوں اور گفتگو میں بھی دیکھا ہے کہ سیاست میں کوئی بات حرف آخر نہیں ہوتی۔ اختلاف میں اتنا آگے نہیں بڑھ جانا چاہیے کہ دوسرے طریق کو بند گلی میں دھکیل دیا جائے۔ بے بسی میں کسی سے کچھ کہلوانا یا لکھوانا ممکن ہے، مگر اسے پائیدار سیاسی حل نہیں کہا جا سکتا۔

